قد افلح من تزکّی و ذکر اسم ربّہ فصلّی

وہ فلاح پا گیا جس نے تزکیہ کر لیا اور اپنے رب کے نام کا ذکر کیا پھر نماز کا پابند ہو گیا۔

1/96

ماہنامہ

المرشد

لاہور

تصوف کیا نہیں

تصوف کے لیے نہ کشف و کرامات شرط ہے نہ دنیا کے کاروبار میں ترقی دلانے کا نام تصوف ہے۔ نہ تعویذ گنڈوں کا نام ہے۔ نہ جھاڑ پھونک سے بیماری دور کرنے کا نام تصوف ہے۔ نہ مقدمات جیتنے کا نام تصوف ہے۔ نہ قبروں پر سجدہ کرنے، ان پر چادریں چڑھانے اور چراغ جلانے کا نام تصوف ہے اور نہ آنے والے واقعات کی خبر دینے کا نام تصوف ہے۔ نہ اولیاء اللہ کو غیبی ندا کرنا، مشکل کشا اور حاجت روا سمجھنا تصوف ہے۔ نہ اس میں ٹھیکیداری ہے کہ پیر کی ایک توجہ سے مرید کی پوری اصلاح ہو جائے گی اور سلوک کی دولت بغیر مجاہدہ اور بدون اتباع سنت حاصل ہو جائے گی۔ نہ اس میں کشف و الہام کا صحیح اترنا لازمی ہے اور نہ وجد و تواجد اور رقص و سرود کا نام تصوف ہے۔ یہ سب چیزیں تصوف کا لازمہ بلکہ عین تصوف سمجھی جاتی ہیں حالانکہ ان میں سے کسی ایک چیز پر تصوف اسلامی کا اطلاق نہیں ہوتا بلکہ یہ ساری خرافات اسلامی تصوف کی عین ضد ہیں۔ (دلائل السلوک)

اویسیہ سوسائٹی کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور

و قل رب زد نی علما ○

(اور کہو : اے اللہ میرے علم میں اضافہ فرما) (القران ۱۱۴ : ۲۰)

اس صدی کے مسلمان کے ساتھ یہ ایک بہت بڑی ٹریجڈی ہے کہ اسے حصول علم سے محروم رکھا گیا اور رکھا جا رہا ہے۔ اگرچہ اس اسلامی جمہوریہ پاکستان میں اسناد اور ڈگریوں کی تقسیم کی بھر مار ہے۔ لیکن یہ ڈگریاں اور اسناد علم سے بالکل خالی' صرف تلاش معاش کے پروانے ہیں۔ اس ملک کے جو ادارے یہ پروانے تقسیم کرتے ہیں ان کا تعلیمی سلیبس' تربیتی پروگرام' طریقہ تدریس اور ماحول اس معیار کا ہی نہیں کہ وہ سکالر' مفکر' سائنسدان' محقق اور موجد پیدا کر سکیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ قوم اس معاملے میں مکمل بانجھ ہے اور جو معاشرہ ایسے افراد پیدا کرنے کی صلاحیت سے محروم ہو وہ قوم اقتصادی' سیاسی' معاشرتی' تہذیبی اور دینی ترقی کی اہلیت سے ہی محروم رہتی ہے اور مسلسل ٹوٹ پھوٹ' زوال' بدحالی اور انار کی کاشکار رہتی ہے۔ مذہبی مدرسے تو دس قدم اور پیچھے ہیں جو دستار بند مولویوں کے کثیر پیداواری کار خانے تو ضرور ہیں لیکن وہ بھی چندہ اکٹھا کرنے' کفر کے فتوے لگانے' فرقے بنانے' فرقوں کو مزید گروہ اور گروپوں میں تقسیم کرنے والوں کے سوا معاشرے کو کچھ نہیں دے سکتے۔ جب سے انگریز سرکار نے ان درسگاہوں کو علم سے محروم کر کے ایک محدود اور جامد قسم کا سلیبس دے دیا تھا یہ ادارے آج تک اسے سینے سے لگائے بیٹھے ہیں اس کے علاوہ باقی تمام علوم شیطانی اور ان کا حصول کفر ہے۔

باقی دنیا کے مسلمانوں کو چھوڑیئے اس وطن سے تقسیم کے وقت 35 فیصد ایسے لوگ موجود تھے جو پڑھے لکھے شمار ہوئے تھے۔ آج نصف صدی بعد آبادی کا بہ مشکل 12 فیصد کو پڑھا لکھا شمار کیا جا سکتا ہے۔ اس میں انگوٹھا چھاپ پڑھے کتنے ہیں واللہ اعلم۔

علم کے ساتھ ہم پاکستانی مسلمانوں کا رویہ ایسا ہی ہے تو پھر اگر حکمران مذہبی مدرسوں کی تالہ بندی کرتے ہیں اور یونیورسٹیوں کے گرانٹس ختم یا کم کرتے ہیں تو واویلا کرنے سے قوم کو کیا حاصل ہو گا؟ بے مقصد اداروں کا وجود باقی رہے یا نہ رہے۔ قوم کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

تاج رحیم

نزول قرآن کا مقصد

مولانا محمد اکرم اعوان

اللہ جل شانہ نے اپنے احسانات' اپنے کرم اور اپنی مہربانیوں کا ذکر فرماتے ہوئے فرمایا تَبٰرَکَ الَّذِیْ۔ بہت سی بابرکت ہے وہ ذات جس کے احسانات میں سے بہت بڑا احسان یہ ہے۔ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِہٖ اپنے نبی' اپنے رسول' اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر الفرقان کو نازل فرمایا۔ علیٰ عبدہ۔ اپنے بندے ۔ عبد دیگر عبدہ چیزے دیگر

بندہ ہونا الگ بات ہے اور کسی ہستی کے لئے اللہ کا یہ فرمانا کہ یہ میرا بندہ ہے یہ ایک بالکل ہی الگ بات ہے بندے کا کہنا کہ اللہ میرا رب ہے۔ حق ہے۔ بڑی بات ہے۔ لیکن کسی بندے کے لئے اللہ رب العزت کا یہ ارشاد فرمانا کہ یہ میرا بندہ ہے۔ یہ کسی بندے کے لئے عظمت کا آخری مقام ہے۔ اور قرآن حکیم نے یہ عظمت صرف اور صرف آقائے نامدار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حصے میں بیان فرمائی ہے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ اَشْھَدُاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ عبدیت رسالت سے پہلے مذکورہ ہوئی کیونکہ بندے کے لئے سب سے اعلیٰ مقام مقام بندگی ہے اور اس میں نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی شریک نہیں۔ فرمایا اتنے عظیم محبوب' رسول اپنے بندے صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک ایسی کتاب الفرقان نازل فرمائی جس نے کوئی غلط فہمی باقی نہیں رہنے دی۔ حق اور باطل کو الگ الگ کر دیا۔ ایسی تمیز پیدا کر دی کہ انسان بہانے بناتا رہے' گناہ کے جواز تلاش کرتا رہے لیکن جائز و ناجائز کو وہ خوب جانتا ہے۔ نزول قرآن اور نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے اسے بیان فرمانے کے بعد کیا آپ کو یہ بات عجیب نہیں لگتی کہ ایک جاہل انپڑھ چرواہا' جنگل میں ساری عمر گزارنے والا بھی جانتا ہے حلال کیا ہے؟ حرام کیا ہے؟ اچھائی کس کو کہتے ہیں؟ برائی کیا ہوتی ہے؟ یہی ابن آدم اسی زمین پر بسا کرتے تھے اور بعثت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تک برائیوں پر فخر کیا کرتے تھے۔ اہل عرب اپنی برائیاں شعروں میں لکھ کر بطور فخر بیت اللہ پہ لٹکا دیا کرتے تھے۔ ڈاکے' چوریاں' زنا کاریاں' بدکاریاں منظوم صورت میں لکھ کر ان پہ فخر کرتے تھے۔ یہ کس کی تعلیمات کا اثر ہے اور کس کے بیان میں اتنی قوت ہے کہ صدیوں کا فاصلہ اس کی طاقت کو کمزور نہ کر سکا؟ پڑھے لکھے نے تو پڑھ لکھ کر' سننے والوں نے تو سن کر جانا لیکن جنہوں نے زندگی بھر کسی سے پڑھا نہیں' سنا نہیں وہ بھی جانتے ہیں حرام کیا ہے؟ حلال کیا ہے؟ جائز کیا ہے؟ ناجائز کیا ہے؟ گناہ کسے کہتے ہیں؟ ثواب کیا ہے؟ یہ اعجاز ہے الفرقان کا۔ اور یہ کمال ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان فرمانے کا۔

نزول قرآن کا مقصد کیا تھا؟ ایسی کتاب جو فرقان تھی

الفرقان جس نے حق و باطل میں امتیاز پیدا کرنے کا حق ادا کر دیا۔ اسے نازل فرمانے کا مقصد کیا تھا؟ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ○ تاکہ میرا حبیب صلی اللہ علیہ وسلم اس کتاب کے ساتھ کائنات کے لئے عالمین کے لئے غلطیوں اور کوتاہیوں پر مرتب ہونے والے نقصانات کی اطلاع دینے والا بن جائے۔ ہمارے اردو ترجمہ کرنے والے نذیر کا ترجمہ ڈرانا' ڈر سنانے والا یا ڈرانے والا کر دیتے ہیں۔ میرے خیال میں شاید اپنی ساری وسعت کے باوجود اردو کا دامن اتنا وسیع نہیں ہے کہ عربی کے مفاہیم کو سمو سکے۔ عربی میں اس ڈر کو خوف کہتے ہیں جو کسی ہیبت ناک چیز سے پیدا ہوتا ہے۔ جیسے ہم سانپ سے ڈر گئے' شیر سے ڈر گئے' کوئی درندہ آ گیا ڈر گئے' چور ڈاکو آ گیا ڈر گئے۔ اس ڈر کے لئے جو جان جانے کا یا نقصان کا ڈر ہو اس کے لئے عربی میں خوف کا لفظ آتا ہے۔ یہ انذار (نذیر کا مصدر) جو ہے یہ اس طرح کا ڈر نہیں ہے۔ یہ ڈر ہے کہ آج ہم ایک کاروبار کر رہے ہیں اس کاروبار کو ہم نہیں سمجھتے' اس کاروبار کا جاننے والا ہمارا کوئی دوست عزیز رشتہ دار ہمیں پاس بٹھا کر بتاتا ہے کہ بھئی یہ جو اینٹوں کا بھٹہ تم نے لگایا اور جس طریقے سے تم اسے چلا رہے ہو اس طرح تمہارا سرمایہ ضائع ہو جائے گا۔ اس کے کرنے کا یہ طریقہ نہیں ہے اس کے کرنے کا فلاں طریقہ ہے۔ اگر نقصان سے بچنا ہے تو اس طرح کرو یہاں برے انجام کا جو اندیشہ ہو گا اسے انذار کہیں گے۔ یعنی جو کچھ آپ کر رہے ہیں اس میں کوئی غلطی ہے' کوئی کوتاہی ہے' اس کے نتیجے میں کوئی خرابی یا نقصان ہونے والا ہے تو اس نقصان کا ڈر انذار کہلائے گا۔ اس کتاب نے' اس کتاب کے حامل رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے غلط روش پر زندگی گزارنے والے انسانوں کو اس غلطی کے نتیجے میں ہونے والے اس نقصان سے آگاہ کیا جو میدان حشر میں واضح ہو گا۔ نزول قرآن کا مقصد یہ تھا کہ اللہ کا حبیب صلی اللہ علیہ وعلی الہ وسلم کائنات کو اس نقصان کی بروقت اطلاع فرما دیں جو انہیں قیامت کے دن نظر آئے گا۔ اور اللہ ایسا عظیم ہے اسے بندوں کی ضرورت اور احتیاج نہیں ہے۔ اس نے یہ احسان بندوں کی ضرورت پوری کرنے کے لئے فرمایا ہے۔ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت' نزول' قرآن' ہدایت کے سامان' بندوں کی بہتری کے لئے نازل فرمائے ورنہ وہ تو ایسی عظیم ذات ہے۔

اَلَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ ساری کائنات پر حقیقی حکومت' اصل حاکمیت اس کی ہے۔ اس کے مقابلے میں کوئی حاکم ہونے کا دعویٰ کر ہی نہیں سکتا۔ بلکہ اس دربار میں سب دعوؤں کی قلعی کھل جائے گی جس میں اول و آخر سارے انسان ایک وقت موجود ہوں گے۔ ارشاد ہو گا۔

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ۔ بات کرو! ملک' حکومت' سلطنت' سلطانی' امارت کس کے لئے ہے؟ اور پھر خود ہی قدرت باری ارشاد فرمائے گی۔

لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔ حکومت صرف اور صرف اللہ واحد کو سزاوار ہے۔ فرمایا ایسی عظیم ذات ہے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ اس کی حکمرانی میں کوئی اس کا شریک ہے۔

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ اور اس کی اپنی ذات کے علاوہ جو کوئی بھی ہے وہ اس کی مخلوق ہے' وہ اس نے خود بنایا ہے اور بنانے کے بعد اس کا میدان عمل مقرر کر دیا۔ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا اس کا میدان عمل مقرر کر دیا ہے۔ ان مقررہ حدود سے وہ متجاوز نہیں ہو سکتا۔ یعنی مخلوق میں یہ جرات نہیں ہے کہ کبھی خالق سے بغاوت کر دے۔ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا۔ جو اندازے اس نے ان کے لئے معین کر دیئے ہیں وہ اس سے باہر نہیں جا سکتے لیکن لوگوں کا حال کیا ہے؟ جن کی طرف قرآن نازل ہوا جن کی طرف نبی علیہ والصلوٰۃ والسلام مبعوث ہوا ان لوگوں کا حال کیا ہے؟

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اللہ کو بھول جاتے ہیں اور پتہ نہیں کن کن بتوں کو پوجتے ہیں۔ بت پتھر ہی

کے نہیں ہوتے۔ سب سے خطرناک بت جو ہوتا ہے وہ اپنی انا کا' اپنی خواہشات اور اپنے نفس کا ہوتا ہے۔ قرآن حکیم ارشاد فرماتا ہے۔

اَفَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰھَہٗ ھَوٰىہُ آپ نے ان لوگوں کو دیکھا جنہوں نے اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنا رکھا ہے؟ (خواہش نفس سب سے بڑا بت ہوتی ہے) اب اپنی خواہش نفس کی تکمیل کے لئے جو باطل ذرائع' موہوم امیدیں اور جاہلانہ نظریات اختیار کرتے ہیں وہ یہی بت کرواتا ہے اور اس نے ان میں عظمت الٰہی کے لئے اب کوئی گنجائش نہیں چھوڑی ہمیں یہ بھول ہی جاتا ہے کہ اس کائنات کا ایک خالق بھی ہے۔ وہ سب سے طاقت ور اور غالب بھی ہے۔ ہر چیز میں خصوصیات اس نے پیدا کی ہیں۔ اس کے حکم' اس کی لکھی تقدیر سے آگے کوئی بڑھ نہیں سکتا۔ میں اس کا بندہ ہوں' میرا اس کے ساتھ تعلق ہے' میں امتی ہوں اس کے اس حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا جسے وہ اپنا بندہ کہتا ہے' میرا بھی اس سے رشتہ ہے۔ گنہگار سہی خطا کار سہی لیکن اگر صرف نیک اس کے بندے ہیں تو گنہگار کس کے ہیں؟ اگر وہ صرف پارساؤں کا رب ہے تو بدکار کہاں جائیں؟ وہ تو کہہ رہا ہے میں نے اپنے نبی علیہ السلام کو بدکاروں اور مشرکین کے لئے مبعوث کیا کہ میری مخلوق شرک میں گر کر تباہ نہ ہوتی رہے۔ وہ تو اتنا کریم ہے کہ شرک کے لئے بھی اپنا دامان رحمت وا کئے ہوئے ہے۔ کوئی آئے سہی۔ اس شرک سے گلو خلاص کرائے' اس کفر کو چھوڑے سہی۔ ہم لوگ اتنے سادہ اتنے بے وقوف ہیں (یعنی اگر شریفانہ لفظ استعمال کیا جائے تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ لوگ بڑے سادہ ہیں لیکن سیدھی بات کی جائے تو اتنے بے وقوف ہیں) ان لوگوں پہ' ان باتوں پہ' ان ذاتوں پہ امید رکھتے ہیں۔

لَا یَخْلُقُوْنَ شَیْـًٔا وَّ ھُمْ یُخْلَقُوْنَ جو خود مخلوق ہیں اور کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے۔ یعنی جو خود مخلوق ہے وہ دوسری مخلوق کے لئے خالق کی سیٹ پہ کیسے بیٹھ سکتا ہے؟ وہ خود محتاج ہے دوسرے کی احتیاج کیسے پوری کرے۔

ایک عجیب بات آپ کے مشاہدے میں آئی ہو یا نہ آئی ہو لیکن میں نے محسوس کی ہے میری عادت ہے میں ہر طرح کے لوگوں سے ملتا ہوں۔ یہاں کچھ خانہ بدوش آ جاتے ہیں ان میں بعض اوقات کچھ مسلمان ہوتے ہیں' کچھ غیر مسلم اور کچھ بالکل وحشی۔ پرانے زمانے کی طرز پر زندگی گزارنے والے۔ جنگلی درندے مار کر کھانا اور حرام کھانا ان کا بڑا پسندیدہ شغل ہوتا ہے۔ غرض ان میں ہر طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔ ان خانہ بدوشوں کا سب سے بڑا پیشہ بظاہر گداگری ہوتا ہے۔ یہاں آ کر انہوں نے اپنی جھگیاں سی لگائیں۔ عورتیں' بچے' مرد سب گدا کے لئے نکل گئے اور گاؤں سے آٹا دانہ مانگ کر لے آئے بظاہر ان کا سب سے بڑا پیشہ گداگری ہوتا ہے جب کہ اندر وہ جوا بھی کھیلتے ہیں' چوریاں بھی کر لیتے ہیں' ڈاکے بھی ڈال لیتے ہیں۔ سارے نہیں لیکن کچھ ایسے ہوتے ہیں۔ کچھ بڑے ڈاکو قسم کے ہوتے ہیں' کچھ چوریاں کرتے ہیں' کچھ ایسے ہوتے ہیں جو گدا کر کے لاتے ہیں اور جوئے میں ایک دوسرے سے ہار جیت کر پھر گدا پہ نکل جاتے ہیں۔ ان ساری خرابیوں کے ساتھ ان میں ایک عجیب بات ہے ایک گداگر کے پاس کھانے کو کچھ نہ ہو وہ گاؤں کے غریب سے غریب آدمی کے دروازے پہ صدا دے گا لیکن دوسرے گداگر کے پاس اگر بوری آٹے کی پڑی ہو تو بھی اس کے پاس مانگنے نہیں جائے گا۔ کوئی بھی گداگر کسی اپنے گداگر رشتہ دار' دوست' بھائی یا پڑوسی سے کبھی نہیں مانگے گا۔ میں نے پوچھا کہ عجیب بات ہے کہتے ہو بچے بھوکے سو گئے اس پاس والے نے روٹیاں دھوپ میں سکھانے کے لئے رکھی ہیں! اس سے کیوں نہیں لیتے؟ وہ کہتے ہیں "گداگر سے ہم گدا نہیں کرتے مانگنے والوں سے ہم مانگا نہیں کرتے" یہ ان کا طے شدہ اصول ہے کہ غریب سے غریب آدمی سے مانگ لیں گے لیکن گداگر کے سامنے دوسرا گداگر ہاتھ نہیں پھیلائے گا۔ اللہ کریم فرماتے ہیں۔

کہ انہوں نے تو الہ (معبود) بنا لیا ان کو لَا یَخْلُقُوْنَ شَیْئًا وَّ ھُمْ یُخْلَقُوْنَ۔ جو ان ہی کی طرح خود مخلوق ہیں اور کچھ پیدا نہیں کر سکتے۔ انسان سارے تو خود محتاج ہیں۔ اب اس کو اس طرح گڈ مڈ نہ کیجئے گا کہ کوئی کسی کے پاس ملازمت کرتا ہے' کوئی کسی کے پاس مزدوری کرتا ہے تو جائز نہ ہو گا جو کام شرعاً" کرنا جائز ہے ان کا کرنا بقدر صحت آدمی پر فرض ہے۔ صرف نماز ہی فرض نہیں ہے رزق حلال کے لئے مشقت کرنا بھی فرض عین ہے۔ اس میں امید یہ ہوتی ہے کہ میں اپنا فریضہ ادا کر رہا ہوں اس پہ رزق عطا کرنا اللہ کا کام ہے' رب پھر بھی وہی ہے۔ لیکن اللہ کی عظمت کو بھول کر دوسروں سے امیدیں وابستہ کر لینا اور پھر ان کے کہنے پر مخلوق کو راضی کرنے کے لئے اللہ کی نافرمانی کرنا بدترین شرک ہے خواہ آدمی کلمہ پڑھتا رہے' سجدے کرتا رہے' نمازیں پڑھتا رہے۔ فرمایا انہیں یہ بھی سمجھ نہیں آتی کہ یہ مخلوق ہے وَ لَا یَمْلِکُوْنَ لِاَنْفُسِھِمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا۔ یہ اپنے نفع نقصان کے مالک نہیں ہیں۔ یعنی یہ اپنی ذات کو نفع یا نقصان پہنچانے پہ قادر نہیں ہیں۔

لَا یَمْلِکُوْنَ مَوْتًا۔ انہیں کسی کی موت پر قدر حاصل نہیں ہے۔ وَ لَا حَیٰوۃً اور کسی کی زندگی پر انہیں اختیار نہیں ہے۔ وَ لَا نُشُوْرًا نہ ان کے سامنے میدان حشر میں کھڑا ہو کر کوئی جواب دے گا۔ کیا حیثیت ہے ان کی؟

میرے بھائی! عجیب بات ہے کہ میں نے ان لوگوں کے سامنے یہ ذکر چھیڑا جو ذاکرین ہیں' رات دن اللہ اللہ کرتے ہیں' اللہ کی رضا کے طالب ہیں اور میں بدترین شرک اور بدترین مشرکین کے تذکرے کو لے بیٹھا۔ یہ اس وقت کی ضرورت ہے۔ آپ اگر تاریخ انسانی پہ نگاہ ڈالیں اور پھر اس میں امت محمدیہ علی صاحب الصلوۃ والسلام کو دیکھیں تو آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تکمیل انسانیت نظر آئے گی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تب سے آج تک انسان اللہ کے قرب کی جن عظمتوں کو پانے کی اہلیت پیدا کرنے کے لئے' جس مقصد کے لئے تخلیق کیا گیا تھا اس کو پانے کا راستہ اسے صرف اور صرف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع سے نصیب ہوا۔ اور سب سے بڑا نقصان اسے اس وقت ہوا جب اس کی امیدیں عظمت باری سے ہٹ کر کسی اور چیز سے وابستہ ہو گئیں۔ یاد رہے کہ یہ صرف بتوں کے سلسلے ہی میں نہیں ہے اگر اللہ کے مقابلے میں ہم فرشتوں کو لے آئیں' فرشتوں کی پوجا کرنے لگیں' فرشتوں سے وہ امیدیں وابستہ کر لیں تو شرک ویسا ہی ہو گا بلکہ بدترین شرک ہو گا۔ اگر انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام سے وہ امیدیں وابستہ کر لیں جو اللہ سے ہونی چاہیں تو یہ اس سے بھی بڑا ظلم ہو گا اور یہ نہ صرف شرک ہو گا بلکہ انبیاء علیہم السلام کی نافرمانی بھی ہو گی۔ اگر اہل اللہ سے' ولی اللہ سے اور نیک لوگوں سے وہی امیدیں وابستہ کر لیں تو یہ بدترین شرک ہو گا۔

میرے بھائی! میں یہ اس لئے کہہ رہا ہوں کہ صوفی کو توحید کا وہ درجہ پانا چاہئے جو سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمت اللہ تعالیٰ علیہ کو حاصل ہوا۔ روایت میں لکھتے ہیں۔

کہ تجھے اگر بیماری ہو گئی' بخار ہو گیا اور تو نے طبیب سے بات کی' ڈاکٹر سے بات کی تو درست۔ علاج کے لئے یہ ضروری ہے لیکن ہر آنے جانے والے سے تو کہے کہ میں مر گیا' مجھے بخار ہو گیا تو اس کا مطلب ہے کہ تو خالق کی شکایت مخلوق کے سامنے کر رہا ہے۔ تیری عمر اگر پچاس ساٹھ برس ہے اور تو نے کبھی کسی کو نہیں بتایا کہ میری صحت ٹھیک ہے ساٹھ برس صحت سے انجائے (Enjoy) (لطف اٹھانا) کرتا رہا' کسی کو نہیں بتایا۔ بخار ہو گیا تو ہر بندے کو بتا رہا ہے۔ اس کا مطلب ہے تو خالق کی شکایت مخلوق سے کر رہا ہے۔ اور کیا ایسا ہوتا نہیں کتنی نعمتیں ہوتی ہیں جن کا ہم شکر ادا نہیں کرتے لیکن ذرا سی تکلیف آتی ہے تو اللہ سے شکایت ہی نہیں غیر اللہ سے امیدیں بھی وابستہ ہو جاتی ہیں کہ فلاں کے پاؤں چوم لو یہ ہو جائے گا۔ خدا کا خوف کھاؤ! کچھ نہیں ہو گا۔ سب مخلوق ہے۔ مخلوق' مخلوق کو کیا دے

گی؟ گداگر، گداگر کو کیا دے گا؟ مالک سے مانگو۔ جو مانگنا ہے مانگو لیکن مالک سے مانگو۔ جو مانگنے نہیں جاتا اس سے مانگو۔ جو خود مانگ کے کھاتا ہے وہ کسی کو کیا دے گا بھائی؟ اللہ اللہ کا مقصد ہی توحید بازی کو جاننا ہے، اپنے خالق کو پہچاننا ہے۔

تصوف دراصل ترجمہ ہے تزکئے کا۔ اگرچہ علمائے حق نے اس کے مختلف معانی لکھے ہیں اور مختلف تعبیریں کی ہیں لیکن وہ محض تعبیریں ہیں۔ جو میں سمجھ سکا ہوں وہ یہ ہے کہ قرآن حکیم کے پہلے پہلے ترجمے جو غیر ملکی زبانوں میں ہوئے ان میں سرفہرست ہے اور فارسی والوں نے تزکئے کا ترجمہ تصوف سے کر دیا۔ عربی میں تذکیہ، چونکہ صفائے باطن سے متعلق تھا تو انہوں نے پاکیزگی کو صفا کے معنوں میں لے کر تصوف اسی وزن پہ بنا دیا۔ صفائے باطن، صفائے قلب۔ اب تزکیہ تعلیم کتاب و حکمت پر مقدم ہے۔

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ تزکئے کی اساس یہ ہے کہ قلب کو اللہ پر اعتماد ہو جائے۔ اگر اعتماد علی اللہ نصیب نہیں ہے تو کوئی تزکیہ نصیب نہیں ہوا۔ تزکیہ کی بنیاد اس بات پر ہے کہ قلب کو اعتماد علی اللہ نصیب ہو۔ موت بھی سامنے آئے تو اسے یقین ہو کہ اگر میرا وقت اللہ کی طرف متعین ہے تو مجھے مرنا ہے ڈرنے کی کیا بات ہے؟ اور اگر مالک کی طرف سے میرا وقت نہیں آیا تو یہ جو موت بن کر سامنے کھڑا ہے یہ مجھے موت نہیں دے سکتا۔ چند لقموں، معمولی تکالیف یا کسی عہدے کے لالچ کے لئے اللہ کی نافرمانی اور مخلوق کی خوشامد کرنے والا کب مسلمان ہونے کا دعویٰ کر سکتا ہے! اور پھر اگر یہ بات اور یہ اوہام ان لوگوں میں آجائیں جو ذکر بھی کرتے ہیں تو کتنی عجیب بات ہے۔

میں تاریخ تصوف کی بات کر رہا تھا۔ آپ تاریخ تصوف میں دیکھیں گے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی خدمت میں جو آیا صحابیت سے سرفراز ہوا۔ مرد، عورت، بچہ، بوڑھا، امیر، غریب۔ آگے ان کے مراتب اپنے اپنے ہیں لیکن بنیادی طور پر سب صحابی بنے۔ صحابہ کی خدمت میں جو پہنچے سب تابعی قرار پائے۔ تابعین کی خدمت یا صحبت جنہیں نصیب ہوئی سب تبع تابعین قرار پائے۔ لیکن اس کے بعد ہر آنے والے کو اللہ اللہ کسی نے نہیں سکھائی۔ اہل اللہ کے بڑے بڑے عظیم نام جن کی ہم جوتیوں کی خاک برابر بھی نہیں ہیں ان ناموں کو دیکھیں تو ان کے ساتھ ہمیں دو چار، پانچ دس آدمی ملتے ہیں جنہیں انہوں نے اللہ اللہ سکھائی۔ باقی لوگوں کو انہوں نے ظاہراً" وعظ نصیحت پر رکھا لیکن قلبی کیفیات نہیں بتائیں۔ اس لئے کہ لوگوں میں اہلیت ہی نہیں ہوتی کہ انہیں اتنی عظیم دولت دی جائے۔ لوگ اس نعمت کو لے کر پھر عقائد کی کمزوریوں میں مبتلا ہوئے اور یہ ان کے حق میں زیادہ خطرناک تھا۔ ہم پوری بارہ تیرہ سو سالہ تاریخ دیکھیں تو خیرالقرون کے بعد ہمیں نظر نہیں آتا کہ کسی ولی اللہ نے ہر آنے والے کو تصوف سکھایا ہو۔ یہ چودہ سو سال گزرنے کے بعد، چودھویں صدی کے آخر میں اللہ نے یہ نعمت کسی کو عام کرنے کا حکم دیا تو شاید اس لئے کہ اب اس کے بغیر لوگوں کا بچنا محال ہو چکا ہے۔ اگر رات دن اللہ اللہ کرنے والے بھی اس دلدل میں گھٹنے گھٹنے ڈوبے ہوئے ہیں یا کمر کمر تک ڈوبے ہوئے ہیں تو جو بالکل نہیں کریں گے وہ کیا کریں گے؟ اور یہ اس دور کی ضرورت تھی کہ اللہ نے اسے عام کر دیا۔ لیکن یاد رکھو! اس کا حاصل یہ ہے کہ اللہ پر اعتماد پختہ ہوتا چلا جائے اور غیر اللہ کو آدمی پاؤں کی ٹھوکروں سے اڑاتا ہوا چلا جائے۔

یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ میرے پاس دوستوں کی بے شمار شکایات آتی ہیں جن میں ایک سب سے بڑی شکایت تو یہ ہوتی ہے کہ "جی میرے بچوں کی شادی کسی نے بند کر دی، میری اولاد ہونا کسی نے بند کر دیا" اگر اولاد ہونا بھی کوئی بندہ روک سکتا ہے، شادی ہونے کے وقت کو کوئی بندہ روک سکتا ہے تو اس کا مطلب ہے اللہ کریم چھٹی چلے گئے۔ وہ جو کہتا ہے۔

فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا۔ ہر مخلوق کے لئے میں نے ایک اندازہ مقرر کیا ہے۔ شاید اس کے اپنے اندازے میں تیرہ،

شادی لیٹ (تاخیر) لکھی ہو' شاید اسے ہی منظور نہ ہو کہ وہ تجھے اولاد دے۔ اولاد پیدا کرنا فرض عین نہیں ہے۔ بندہ اولاد پیدا کرنے کے لئے پیدا نہیں ہوا۔ اللہ کا بندہ بننا زندگی کا مقصد ہے۔ اولاد تو کافر کی بھی ہوتی ہے' بدکار کی بھی ہوتی ہے' بے دین کی بھی ہوتی ہے۔ تو کیا اولاد پیدا کرنا ہی مقصد حیات تھا؟ اللہ کی مخلوق ہے وہ جتنے بندے جب چاہتا ہے پیدا کرتا ہے' جتنے بندے جب چاہتا ہے اٹھا لیتا ہے۔ وہ ایسا قادر ہے کہ شہنشاہ ایران نے ساری زندگی کوشش کی لیکن شہنشاہ کو اس نے اولاد نہ دی اور جب شہنشاہ کو اولاد دی تو اس سے شہنشاہیت چھین لی' قبر کے لئے جگہ نہیں مل رہی تھی۔ وہ ایسا قادر ہے' ایسا بے نیاز ہے کہ جو حکومت کا وارث چاہتا تھا اسے نہیں دیا۔ بے شمار شادیاں کیں' عورتیں بدلیں' علاج کرائے اس نے نہیں دیا اور پھر قدرت نے دوسرا کرشمہ دکھایا تو اسے اولاد دے کر اس سے سب کچھ چھین لیا۔ حتیٰ کہ وہ مر گیا تو کوئی ملک اس کو قبر کی جگہ دینے کو تیار نہیں تھا۔ وہ ایسا قادر ہے اس کے قانون میں کوئی جادوگر جادو سے کچھ نہیں باندھ سکتا۔ روزگار کرنے کا ہمیں سلیقہ نہیں آتا۔ اس نے کائنات میں اسباب بنائے۔ اب اگر کوئی زہر کھائے گا تو اسے شفا نہیں ہو گی۔ جب آپ کو کاروبار کرنا نہیں آئے گا' جس کام کو آپ نہیں سمجھتے اس میں ہاتھ ڈالیں گے تو نقصان تو ہو گا پھر کہیں گے "جی کسی نے جادو کر دیا۔" یار خدا کا خوف کرو! اگر اللہ اللہ کرنے کے بعد بھی تمہارے اوہام وہی ہیں تو کیا فائدہ؟ اس محنت و مجاہدے سے آپ کو کیا حاصل ہو گا؟ اگر ہم اللہ ہی کو نہ پہچان سکے' جس کا نام لیتے ہیں اگر اس پر یہ اعتماد ہی نہیں ہے کہ جس نے مجھے ایمان بخشا ہے' جس نے مجھے اپنے ساتھ راتوں کو اٹھ کر باتیں کرنے کی توفیق دی ہے' جس نے مجھے راتوں کو اٹھ اٹھ کر اپنی ذات کو یاد کرنے کی توفیق ارزاں کی ہے وہ میری دیکھ بھال بھی کرتا ہو گا۔ اگر ہم اتنا بھی نہ جان سکے تو ہم نے تصوف سے کیا حاصل کیا؟ اور کونسا تزکیہ ہوا؟ یہ سب شیطانی وساوس ہیں۔ دینوی امور میں جو خرابیاں آتی ہیں ان کے دینوی اسباب تلاش کرو۔ کہیں کوئی کمزوری ہو گی جس کے نتیجے میں نقصان ہوا۔ کوئی کوتاہی کوئی قصور ہو گا..... تلاش کرو کہ قصور کہاں ہے جو دوسروں کا کام چل رہا ہے اور آپ کا نہیں چلتا۔ اس کا سبب تلاش کرو۔ اللہ سے دعا ضرور مانگو لیکن خدا کے لئے یہ مت سوچو کہ کسی نے روک دیا ہے۔ کوئی نہیں روک سکتا' کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا' کوئی کچھ نہیں سنوار سکتا۔ اہل اللہ کو خدا غریق رحمت کرے یہ عجیب لوگ ہیں۔ یہ ایسے عجیب لوگ ہیں کہ یہ دنیا میں رہتے ہوئے دنیا سے الگ ہوتے ہیں۔ یہ جب دنیا میں موجود ہوتے ہیں تو سوائے فرائض اور ذمہ داریوں کے کسی میں کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ جب یہ دنیا سے گزر جاتے ہیں تو بقول علمائے حق کے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد حق کے مطابق۔

اَلْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْ حُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النِّيْرَانِ۔ کہ قبر تو بجائے خود جنت کے باغوں میں سے باغ ہے یا دوزخ کے گڑھوں میں سے گڑھا اور اگر قبر میں کسی کی اتنی پذیرائی ہو کہ اسے جنت کی نعمتیں حاصل ہوں تو جو دنیا میں بیٹھا ہوا دنیا کے کاموں میں مداخلت نہیں کرتا وہ وہاں سے اٹھ کر مداخلت کرنے آئے گا؟ اور اگر خدانخواستہ قبر میں دفن ہونے والا نجات نہیں پاسکا اور دوزخ کی مصیبتوں میں گرفتار ہے تو وہ اسے چھٹی دیں گے کہ جا کر دنیا والے کا کام کر کے آ جا۔ تو پھر جو دنیا سے گزر چکے ہیں ان کے لئے صرف دعا کیا کرو۔ انہیں گھسیٹ کر اپنے کاموں میں مت لاؤ۔ یہ عقائد اختیار نہ کرو کہ فلاں صاحب قبر تجارت میں مدد دے گا' فلاں صاحب قبر ملازمت دلا دے گا اور فلاں صاحب قبر میرے مرض کا علاج کر دے گا یار! خدا کا خوف کرو۔ کچھ اللہ کے پاس بھی باقی رہنے دو کہ وہ کیا کرتا ہے؟ اگر یہ سارے کام مخلوق نے ہی بانٹ لئے تو اللہ کیا کرتا ہے؟ اس کی عظمت کس کام آئے گی؟ ہاں اہل اللہ وہ کچھ کر گزرتے ہیں جو صرف وہی کر سکتے ہیں اور وہ یہ ہوتا ہے کہ ایک عام آدمی کو واصل باللہ کر دیتے ہیں۔ ایک

بے دین کو دین دار بنا دیتے ہیں' ایک بدکار ان کی صحبت میں نیک ہو سکتا ہے' ایک کافر ان کے ساتھ ملنے سے مومن ہو سکتا ہے' ایک اللہ کی عظمت سے ناآشنا اللہ کی عظمت سے آشنا ہو سکتا ہے اور یہ اتنا بڑا کام ہے کہ ساری دنیا کی نعمتیں چھن جائیں اور یہ نعمت نصیب ہو جائے تو یہ دو عالم کی سر بلندی و سرفرازی ہے۔ دنیا کی نعمتوں میں رکھا کیا ہے؟ دنیا میں نعمت نام کی کوئی چیز ہی نہیں ہے۔ سوائے قرب الٰہی کے باقی سب مصیبتیں ہیں۔

اِنَّمَا اَمْوَالُکُمْ وَ اَوْلَادُکُمْ فِتْنَۃٌ یہ مال دولت' یہ بیٹے بھتیجے' جن بازوؤں پہ تم فخر کرتے ہو یہی تو آزمائش ہے' یہی تو مصیبت ہے۔ یہ مال نہ ہوتا یہ جنجال نہ ہوتے' یہ رشتے ناطے نہ ہوتے تو بندہ بے فکر اللہ ہی اللہ کرتا۔ یہی تو زنجیریں ہیں جو اسے دوسری طرف کھینچ کے لے جاتی ہیں۔ جنہیں ہم انعام سمجھ رہے ہیں انہیں اللہ مصیبت قرار دے رہا ہے۔ ان کی طلب و آرزو میں اللہ کی عظمت کو مت بھولو۔ مجھے حیرت ہوتی ہے کہ جب ہم تاریخ انسانی پڑھتے ہیں تو افریقہ کے جنگلی اور وحشی قبائل جس طرح روحوں کی پرستش کرتے تھے اور سپیرٹ کے وہ چراغ جلاتے تھے' دھمال ڈالتے تھے اور ان سے امیدیں رکھتے تھے مسلمانوں نے اس طرح کے عقائد اختیار کرنے شروع کر دئے ہیں ۔ وحشی قبائل کے نظریات اب قدرے بہتر ہوتے جا رہے ہیں وہ ان چیزوں کو چھوڑتے جا رہے ہیں اور ہمارے ہاں اب اس طرح کے عقائد و نظریات آ رہے ہیں۔ خدا کے لئے دنیا میں جتنی مصیبتیں آتی ہیں۔

وَ مَآ اَصَابَکُمْ مِّنْ مُّصِیْبَۃٍ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ وہ ہماری اپنی کوتاہیوں' لغزشوں اور غلطیوں کا نتیجہ ہوتا ہے ہر مصیبت کے پیچھے ہمارا قصور ہوتا ہے۔ اس قصور کو تلاش کرو اور جتنی نعمتیں ملتی ہیں' جتنی راحتیں نصیب ہوتی ہیں۔ **فبنعمتہ من اللہ** وہ اس کا احسان ہوتا ہے۔ دنیا میں بھی اگر کسی کو آسائش نصیب ہوتی ہے تو اس کا احسان ہوتا ہے۔ مصیبت آتی ہے تو اس میں ہمارا اپنا قصور ہوتا ہے۔

یاد رکھئے! مراقبات و منازل' مشاہدات و مکاشفات ان سب کا انحصار ایک بات پر ہے کہ یہ ہمیں کس حد تک اللہ کا اعتماد اور اللہ پر یقین دیتے ہیں؟ اور ہمیں اللہ کریم کے کتنا قریب لے گئے؟ ساری زندگی' ساری محنت' ساری کاوش کا حاصل صرف یہی ہے۔ اگر خدانخواستہ اس نعمت اور مشاہدے ہونے کے یا یہ دلائل سننے کے بعد بھی ہم غلط سمت گئے تو جواب وہی بڑی سخت ہو گی۔ اس بارگاہ میں جاہل کی سزا کم ہو گی جب کہ عالم کی سزا کئی گنا زیادہ ہوگی' جاننے والے کی سزا زیادہ ہو گی۔ اب ایک شخص کو دنیا میں بھی سمجھ نہیں آتی اور دوسرے کو وہ برزخ کے مشاہدات کرا دیتا ہے تو دونوں بیشک ایک سا گناہ کر لیں سزا دونوں کی الگ الگ ہو گی' جواب داری الگ الگ ہو گی۔ تو میرے بھائی! یہ مراقبات و منازل بڑی عظیم نعمت تو ہیں لیکن اس کے ساتھ عظیم ذمہ داریاں بھی ہیں اور سب سے کامیاب ترین بندہ وہ ہے جو عظمت الٰہی کو پا لے' اپنی کمزوری کو جان لے' اپنی احتیاج کو سمجھ لے۔

یاد رکھو! ہر نعمت وہی دیتا ہے۔ اسباب و ذرائع اختیار کرنا سنت الٰہی ہے۔ جو ذرائع اس نے بنائے ہیں اور جو جائز وسائل ہیں' انہیں اختیار کرنا ہی توکل ہے۔ اسباب چھوڑنا توکل نہیں ہے۔ اسباب اختیار کرنا اور بھروسہ رب پر کرنا (اسباب پر بھروسہ نہ کرنا) یہ توکلہ ہے۔ اور یہ مشکل کام ہے۔ اسباب چھوڑ کر بیٹھ رہنا توکل نہیں ہے اسباب اختیار کر کے بھروسہ رب پہ کرنا اور (اسباب پر نہ کرنا) اصل توکل ہے اور کسی ایسی بات کی طرف قدم مت بڑھاؤ جو غیرت الٰہی کو جوش دینے کا سبب بن جائے۔

بخاری شریف میں ایک بڑا لمبا واقعہ ہے میں آپ کو مختصر سا سناتا ہوں۔ بنی اسرائیل کا ایک نیک آدمی چار سو برس زندہ رہا (اس زمانے میں عمریں طویل ہوتی تھیں۔ بالغ ہونے کے بعد اس نے آبادی کو چھوڑ دیا۔ عبادات اختیار کیں' سمندر کے ایک ٹاپو پہ چلا گیا۔ رات دن اللہ اللہ کرتا تھا۔ اللہ کریم نے اس کے لئے وہاں ایک ایسا انگور جیسا کوئی

پھل اگا دیا جس کی بیل سارا سال پھل دیتی تھی۔ چشمہ پیدا کر دیا۔ چشمے سے پانی پیتا' وہی پھل کھاتا' رات دن عبادت کرتا اور یوں عبادت کرنے میں چار سو سال بسر کر دیئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ملک الموت انبیاء علیہم السلام کے پاس آنے پہ پہلے ان سے اجازت لیتا ہے۔ اس غیر نبی سے بھی ملک الموت نے پوچھا تھا کہ تم کس طرح کی موت پسند کرتے ہو؟ اللہ نے اسے حکم دیا تھا کہ اس سے پوچھ لو۔ اس نے کہا کہ مجھے دو رکعت نماز کی نیت کرنے دو۔ دوسری رکعت کے دوسرے سجدے میں ہوں تو میرا روح قبض کر لینا۔ آپؐ فرماتے ہیں جبرائیل امین نے مجھے بتایا کہ اس کا وجود خراب نہیں ہوا اور میں اب بھی جب آسمان پر جاتا ہوں یا نیچے اترتا ہوں تو میں دیکھتا ہوں کہ سجدے میں پڑا ہے۔ قیامت کو اس طرح سجدے سے اٹھایا جائے گا ارشاد ہو گا۔

اِذْهَبُوْا بِعَبْدِیْ اِلٰی جَنَّتِیْ بِرَحْمَتِیْ۔ میرے بندے کو میری رحمت اور بخشش کے طفیل جنت میں داخل کر دو۔ تو وہ چھوٹی سی بات عرض کرے گا کہ اے خدایا تیری رحمت کا تو اندازہ نہیں ہے لیکن میری محنت بھی تو ہے۔ میں نے بھی چار سو سال سوائے تیرے کسی سے بات نہیں کی' کسی کو دیکھا نہیں۔ صرف اور صرف تیری عبادت کرتا رہا۔ تو میری چار سو سالہ عبادت بھی تو میری بخشش کا سبب ہو گی یا نری عطا ہی اس کا سبب ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ارشاد ہو گا حساب کر لو' میری نعمتوں کا اندازہ کر لو اپنے سجدوں کا حساب کر لو۔ ارشاد ہو گا کہ چار سو برس جو آنکھ کی بینائی اس نے استعمال کی اس کی قیمت اس کے سجدے پوری نہیں کر سکیں گے۔ باقی نعمتوں کو رہنے دو پہلے ہی حساب میں صرف اس نعمت (جس سے جو چار سو سال دیکھتا رہا) کے بدلے میں اس نے جو عبادت کی وہ کم پڑ جائے گی۔ فرشتوں کا فیصلہ ہو گا کہ باقی جتنی نعمتیں چار سو برس استعمال کیں ان کی قیمت کا جو اندازہ ہے اتنا عرصہ تمہیں جہنم میں رہنا ہو گا۔ پھر دیکھی جائے گی۔ تب پکارے گا کہ بار الہا تیری رحمت کے بغیر سہارا نہیں ہے۔ تو ارشاد ہو گا۔ اگر رحمت کا طالب ہے تو پھر اس پر رحم کرو' جانے دو جنت میں۔ لیکن حساب چاہتا ہے تو اسے لے جاؤ اپنا حساب پورا کر لے۔ میرے بھائی! ہمارے قدم ڈگمگا جاتے ہیں۔ عظمت الٰہی بھول جاتی ہے۔ جادو ٹونے کی باتوں پہ مجھے حیرت ہوتی ہے کہ اللہ اللہ کرنے والا بندہ بھی جادو ٹونے کا اسیر ہو جائے! سمجھ نہیں آتی۔ کیا بتایا جائے؟ کس کو بتایا جائے؟

خدا کے لئے اللہ سے بات کرنا سیکھو۔ بڑی سنتا ہے' اسے بڑا پسند آتا ہے۔ یہ سب سے زیادہ پسند ہے اللہ کو کہ اس کا بندہ اپنی بات خود اس سے کرے۔ اسی لئے اس نے نبی علیہم السلام بھیجے کہ میرے بندوں کو میرے دروازے پہ لے آؤ۔ میرے ساتھ بات کریں۔ مولانا رومی نے وہ منظوم کر دیا ہے۔

دید موسیٰ یک شباتی را براہ
کو ہمیں گفتہ خدا و الہا

موسیٰ علیہ السلام نے ایک گڈریئے کو دیکھا اللہ سے باتیں کر رہا تھا

تو کجاریں تا شوم من چاکرد

"خدایا تو ملتا نہیں ہے۔ مل جاتا میں تیرے کپڑے دھوتا' تیرے بالوں میں کنگھی کرتا میں تیری خدمت کرتا۔"

گر ترا بیماری ایدو پیش
من ترا غمخوار باشم ہم چوں خویش

"کبھی تو بیمار بھی پڑتا ہو گا تو میں بیٹوں کی طرح تیرے پاؤں دباتا' تیری دوائی لے آتا' تجھے پانی پلاتا' خدمت کرتا۔" انہوں نے حکایت لکھی ہے۔

بیہودہ مے شباں گفت موسیٰ

وہ اس طرح کی بے ہودہ باتیں کر رہا تھا تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تو کس سے بات کر رہا ہے؟ کوئی سامنے تو ہے نہیں۔

گفت باں کش کہ مارا آفریں
این زمین و چرخ آمد پدیر

اس نے کہا میں تو اس سے بات کر رہا ہوں جس نے مجھے پیدا کیا' یہ زمین و آسمان بنائے۔

گفت موسیٰ ہائے خیرہ سرشدی
خود مسلمان نہ شدہ کافر

انہوں نے فرمایا تو تو کافر ہو گیا تو کفر بک رہا ہے تو تو اللہ کے غضب کو دعوت دے رہا ہے اور اگر اسی طرح بکواس کرتا رہا تو اس کا غضب کائنات کو تباہ کر دے گا۔

جامہ ہابدرید آہ کرد تخت سر بیابان رفت

اس نے کپڑے پھاڑ دئے' مویشی اور اپنا باڑھ چھوڑ دیا گھر بار چھوڑ کر جنگل کو بھاگ گیا اور اس ڈر سے چلاتا جا رہا تھا کہ میں نے اپنی جہالت سے اپنے رب کو ناراض کر دیا۔ میں تو راضی کرنے کے بہانے کر رہا تھا اور یہ بندہ کہتا ہے کہ تو نے اسے ناراض کر دیا۔ تو فرماتے ہیں۔

وحی آمد سوئے موسیٰ از خدا
بندہ مارا زما کر دی جدا

فوراً" وحی آئی کہ موسیٰ پکڑ اسے۔ میرا بندہ تو نے مجھ سے ناراض کر دیا۔ وہ تو میرے ساتھ باتیں کر رہا تھا۔

تو برائے وصل کردن آمدی

تجھے میں نے بھیجا تھا کہ جو مجھ سے دور ہیں انہیں میرے پاس لے آ' وہ مخاطب تو مجھ سے تھا تو اسے بات کرنے کا سلیقہ سکھاتا تو نے اسے ڈرا کر بھگا ہی دیا۔ اسے پکڑ کے لے آ۔

تو برائے وصل کر دند آمدی

تیرا کام جو مجھ سے باتیں کر رہے ہیں ان کو بھگانا نہیں ہے' جو مجھ سے بچھڑ چکے ہیں انہیں واپس لانا ہے۔

تو وہ تو اتنا کریم ہے کہ اپنے بندوں کا انتظار کرتا ہے کبھی اس لہجے بات کر کے تو دیکھو۔ اللہ کریم یہ شعور عطا کر دے کہ ہم اپنے رب کو اپنے پاس پائیں۔ (۹۵-۷-۷)

اسلام کے خلاف جنگ

اسلام سے کون ڈرتا ہے؟ مسلمان سیاستدان' مسلمان وزرائے اعظم' مسلمان وزراء' مسلمان گورنر' مسلمان صدر اور بادشاہ سب ہی اسلام سے خوف زدہ ہیں۔ اسلام سے ڈرتے ہیں۔ اور اسلام کو اپنے ملک سے دور رکھنے کی کوشش کرتے ہیں بلکہ اسلام کے خلاف جنگ مسلمان حکمران ہی کر رہے ہیں۔ اسلام کے خلاف جو اصل جنگ ہو رہی ہے وہ امریکہ برطانیہ یا اسرائیل نہیں بلکہ مسلمان سیاستدان کر رہا ہے۔ مسلمان حکمران کر رہا ہے مسلمان حکومتیں کر رہی ہیں کہ کہیں اسلام ہمارے ملک میں نہ آجائے کہ ان کو شہنشاہت سے' فرعونیت سے' اتر کر ایک عام انسان جیسی حیثیت نہ دے دی جائے۔

محبت کے تقاضے

مولانا محمد اکرم اعوان

معاملات محبت میں ہم جتنے اوصاف جتنی حکایات اور جتنے واقعات یا تجربات بیان کرتے ہیں جو حدود متعین کرتے ہیں یہ سب ہماری اپنی سمجھ کے مطابق اور ہماری قائم کردہ ہیں اپنے تخیل اور ذہن کے مطابق ورنہ حق یہ ہے کہ محبت حدود و قیود سے بہت بالا تر ہے اس کے اسباب و ذرائع کی کوئی سمجھ نہیں آئی اور حق یہ ہے کہ

کارہ کہ خبرشد خبرش باز نیابد

حق یہ ہے کہ یہ ایک ایسا جذبہ ہے کہ عشاق کو یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ ہم عشق کے مریض ہیں محبت کرنے والوں کو ایک درجے پر آ کر یہ بھی پتہ نہیں ہوتا کہ ہم محبت کرتے ہیں اس لئے اس کی کیفیات کو سمجھنا سمجھانا یا بیان کرنا ممکن نہیں اور کیفیات ویسے بھی سمجھنے سمجھانے یا بیان کرنے کی نہیں ہوتیں کیفیات وارد ہوتی ہیں جس پر بیتی ہیں جو ان میں سے گزرتا ہے اسے ہی سمجھ آ سکتی ہیں۔

حضرت رحمتہ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ فرشتہ کتنا مقدس اور پاک، معصوم مخلوق ہے اللہ کی نوری مخلوق ہے اور ہر معاملے میں تکوینی امور پہ اللہ نے اسقدر دسترس دی ہے لیکن اس کے باوجود اگر اسے یہ کہا جائے کہ گڑ کتنا میٹھا ہوتا ہے تو اس سے اس کا کوئی واسطہ نہیں، کوئی علاقہ نہیں، نہ اسے بھوک لگتی ہے نہ اس کے لئے میٹھے کڑوے ذائقے کی کوئی بات ہے۔ نہ وہ کھاتا ہے نہ وہ سمجھتا ہے۔ اس کے لئے آپ کو اس سے پوچھنا پڑے گا جس کے پاس قوت ذائقہ بھی ہے۔ اور اسے بھوک بھی لگتی ہو وہ اس کو کھا بھی سکتا ہو شاید وہ بتا سکے۔ وہ جو کسی نے کہا تھا

محبت کو سمجھنا ہے تو ناصح خود محبت کر
کنارے سے کبھی اندازہ طوفان نہیں ہوتا

لیکن ہم نے جو اس کے ساتھ ایک جملے کا اضافہ کیا تھا وہ یہ تھا کہ اس کا اثر انسان کے اعتقادات ایمانیات، اعمال کردار اور عبادات پر کیا ہوتا ہے۔ یا ہمارے کردار اور ہماری عبادات کا اثر اس جذبہ محبت کو پیدا کرنے میں کیا کچھ کر سکتا ہے۔ تو اس دوسرے حصے کے متعلق یہ ایک آیت کریم سورۃ العنکبوت میں ہے بیسویں پارے میں نویں آیت ہے۔

ہمارا انسانی کردار جو ہے اس کا ایک عجیب اثر ہے جیسا کہ اس سے پہلے بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے قرآن حکیم میں ارشاد ہے اللہ کا کہ میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان لوگوں سے کہہ دیجئے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ اگر تمہیں اللہ کی محبت کا دعویٰ ہے اگر تم یہ کہتے ہو کہ ہم اپنے مالک سے محبت کرتے ہیں فاتبعونی تو پھر میرے پیچھے پیچھے چلو۔ میری غلامی اختیار کر لو۔ میرا اتباع اختیار کر لو۔ اس سے کیا ہو؟ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ میرے پیچھے چلنے سے اللہ تم سے محبت کرنے

لگے گا۔ تمہارا وعدہ یہ ہے کہ ہم اللہ سے محبت کرتے ہیں لیکن میرا اتباع کرنے سے عقائد اور اعمال میں یہ ہو گا کہ اللہ کریم تم سے محبت کرنے لگیں گے۔ اور جب اللہ کسی سے محبت کرتے ہیں تو محبت الٰہی کا تقاضا یہ ہے کہ اس شخص کو بھی اللہ کی محبت نصیب ہو جاتی ہے۔ یُحِبُّهُمْ وَ یُحِبُّوْنَهٗ وہ جن بندوں سے محبت کرتا ہے وہ جواب میں اس سے محبت کرتے ہیں اس لئے کہ وہ بندون کے ہر حال سے ہر حسن و قبیح سے ہر آن سے واقف ہے دیکھ رہا ہے۔ تو جب وہ اس سے محبت کرتا ہے اور وہ تب کرتا ہے جو کوئی بندہ اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلام بن جائے۔ خلوص دل سے اپنی پوری کوشش کرے نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع کرنے میں۔

یاد رکھیں! یہ بڑا نازک سا معاملہ ہے اور اکثر لوگ اسے سمجھتے نہیں ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی سے جو ارشاد کہلوایا گیا رب جلیل کی طرف سے وہ یہ ہے فاتبعونی میرے پیچھے پیچھے چلو اب کوئی شخص ایسا نہیں ہے جو آپ سے آگے نکلنے کی جرات کرے اور یہ آگے نکلنا کیا ہو گا۔ مثلاً" عقائد میں ہم کوئی ایسا عقیدہ اختیار کریں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہو تو یہ پیچھے چلنا نہ ہو گا یہ آگے نکلنا ہو گا۔ اسی طرح عمل میں ہم کوئی ایسا عمل اختیار کریں جیسی کہ بے شمار رسومات بن گئی ہیں ہم کوئی ایسی رسم اختیار کر لیں اسے ثواب سمجھ کر عبادت سمجھ کر جس کا ثواب اور عبادت ہونا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت نہ ہو تو یہ پیچھے چلنا نہیں ہو گا یہ آگے نکلنا ہو گا۔ اپنی غلطی سے اپنی نادانی سے بعض اوقات بے شمار لوگ بلکہ بعض اوقات کیا ہمارے اردگرد آپ اپنے ماحول میں دیکھیں تو بے شمار لوگ اس مصیبت میں گرفتار ہیں۔

ایک چھوٹی سی مثال میں نے پچھلے دنوں عرض کی تھی کہ ہمارے بہت سے دوست یہ سمجھتے ہیں کہ ہم مسجد کے لاؤڈ سپیکر پر بڑا چلا چلا کر صلوٰۃ و سلام پڑھتے ہیں یہ بہت نیکی ہے آدھی رات کو بے چارے اٹھ کر شروع ہوتے ہیں اور سارا دن ساری رات آذان کے ساتھ لگے رہتے ہیں لیکن وہاں حال یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجرہ مبارک کے اندر تشریف رکھتے ہیں ایک صحابی جو صحرائی تھا بدوی تھا مال مویشی چھوڑ کر باہر سے آیا اب اسے واپس جانے کی بھی جلدی تھی زیارت سے مشرف ہونا بھی اس کا مقصد تھا کچھ پوچھنا بھی تھا اسے وہ پوچھنا بھی محض اللہ کے دین کے لئے تھا اجازت کے لئے تھا کوئی دینی بات سمجھنا تھی اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سمجھنا چاہتا تھا اس نے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آکر پوچھا پتہ چلا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجرہ مبارک میں ہیں اس غریب نے دروازے پر جا کر نہایت ادب و احترام سے یہ آواز دی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائیے میری گذارش سنئے مجھے جانا بھی ہے اس غریب کی اتنی سی حرکت پر دروازہ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کھڑے ہو کر پورے ادب و احترام اور پوری محبت سے بھلا صحابہ جیسی محبت کوئی کہاں سے لائے گا۔ لا سکتا ہی نہیں کہ اور کسی کی آنکھوں نے اس رخ روشن کو دیکھا ہی نہیں آپ میں اگر سن کر محبت کے مدعی ہو سکتے ہیں تو وہ جو برسوں خلعت عالیہ میں رہے۔

اللہ کریم کو یہ بات پسند نہیں آئی فرمایا اِنَّ الَّذِیْنَ یُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ۔ کتنے جاہل ہیں یہ لوگ یہ رعایت کی اللہ نے اس کے خلوص اس کے منصب صحابیت' اس کے عشق مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رعایت کرتے ہوئے فرمایا یہ اجڈ ہے گنوار ہے بے وقوف ہے اسے عقل نہیں ہے اسے کیا جرات تھی کہ دروازہ اقدس پہ کھڑے ہو کر آواز دی۔ اسے چاہئے تھا کہ یہ در اقدس پہ بیٹھ رہتا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی پسند سے باہر تشریف لاتے۔

حَتّٰی تَخْرُجَ اِلَیْهِمْ حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود اس کی طرف متوجہ ہوتے یہاں مفسرین لکھتے

ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی اور کام سے نکلے کسی اور شخص سے بات کرتے ہوئے نکلے کسی اور طرف متوجہ نکلے تو بیٹھنے والے کو شرعاً" پھر بھی اجازت نہیں ہے کہ آواز دے کر ٹوکے۔ درمیان میں اپنی بات کرے حَتّٰی تَخْرُجَ اِلَیْہِ سے ظاہر ہے جب تک آپ خود اس کی طرف متوجہ نہ ہوں اسے بات کرنے کے لئے لب نہیں کھولنے چاہئیں۔ اور اگر کوئی یہاں سے لاوڈ سپیکر پر چلا کر پکارے آپ اس کے دوسرے پہلوؤں کو چھوڑیں وہ حاضر ناظر مانتا ہے یا نہیں یہ ماننا جائز ہے یا نہیں آپ اس لمبی بحث کو چھوڑیں صرف یہ چھوٹا سا نقطہ لے لیں کہ کیا اس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چلنا یا آپ کی شان سے آگے بڑھنے کی بات ہے کبھی ہم نے کسی مہمان کو کسی عزیز کو کسی بزرگ کو کسی دوست کو اگر حاضر یا موجود ہو اپنے پاس آپ نے کبھی گھر آنے والوں کو سلام کہنے کے لئے لاوڈ سپیکر استعمال کیا ہے؟ ویسے بھی تو گستاخی ہے ایک دوسرے کو کبھی لاوڈ سپیکر پر سلام دے کر دیکھیں تو وہ ویسے خفا ہو جائے گا کہ یہ مذاق ہے اور اگر حاضر ناظر نہیں سمجھتے جیسا کہ صحیح اسلامی عقیدہ ہے حاضر ناظر ہونا محض اللہ کی صفت ہے۔ تو پھر لاؤڈ سپیکر کے ذریعے آواز پہنچانے کے کیا معنی۔

انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام پر چاہے تو ایک آن میں ساری کائنات کھول دے چاہے تو ایک چھوٹی سی بات پر پردہ کر دے۔ اس کا اپنا کام ہے۔ نبی کا شان تو بہت بلند ہوتا ہے کوئی لمحہ کسی ولی پہ بھی آتا ہے کہ وہ ساری کائنات پہ نگاہ کرے لیکن یہ علم غیب نہیں اور یہ دائمی نہیں ہوتا وہ جب چاہتا ہے حجاب ہٹا دیتا ہے۔ جس بات سے چاہتا ہے حجاب نہیں ہٹاتا لیکن اللہ کا علم دائمی حضوری ہے وہ کسی کا محتاج نہیں۔

اور اگر حاضر ناظر نہ ہوں اور یہ سمجھا جائے کہ ہماری یہ چیخ و پکار روضہ اطہر پہ پہنچ رہی ہے تو یہ ویسے خلاف عقل ہے تقاضائے محبت تو یہ تھا کہ عمر بیت جاتی کونوں میں گوشوں میں اور کبھی صلوۃ وسلام سے زبان رکتی نہیں دل تھکتا نہیں اور دوسرا سنتا نہیں یہ تو جس سے بات ہو رہی ہے اسے سناؤ۔ سلامتی کی دعا آپ اللہ کریم سے کر رہے ہیں اللہ جانے اللہ کا حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جانے۔ آپ اپنی حاضری لگوائیں۔ آپ اپنے رب کریم سے بات کریں جو سن رہا ہے۔ ایک چھوٹی سی مثال ہے جو روزمرہ ہمارے ماحول میں ہمارے اردگرد موجود ہے مثلاً" رمضان المبارک کے مہینے میں اتنی رسومات ادا کی جاتی ہیں کہ آدمی کی عقل دنگ رہ جاتی ہے یا خدا یہ اسلام ہے یا تماشا ہے۔ اور اس قدر اسی میں زیادتی ہوتی ہے کہ ہر بات پہ ایک رسم، ہر دن پہ ایک رسم، ہر رات کے ساتھ ایک رسم، یہ تو ایک کاروبار بن گیا ہے۔ کھانے پینے کے بہانے بن گئے ہیں عیش کرنے کے ذرائع بن گئے ہیں یہ سب کچھ اتباع میں نہیں ہوتا۔

اتباع کی قید ہے پیچھے چلنے کی اور پیچھے چلنے والے کو ساری عمر یہ تحقیق کرنا پڑتی ہے کہ کہیں کوئی قدم بھی غلط نہ پڑ جائے دور حاضرہ میں جو حیثیت علمی مولانا اشرف علی تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کی ہے وہ بہت ہی بے نظیر ہے یوں تو بے شمار اللہ کے مقبول بندے ہیں۔ لیکن

ہر گل را رنگ و بوئے دیگراست

مولانا تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کو بے شمار فنون میں حتی کہ دین کے جتنے شعبے ہیں، دنیا کے جتنے شعبے ہیں ہر شعبے میں آپ کی تصانیف سند کی حیثیت رکھتی ہیں۔ متقدمین کی نظیر ہیں آپ لیکن بے شمار ایسی باتیں ملیں گی جہاں انہوں نے رجوع فرمایا اور لکھا کہ میرا خیال ایسا تھا فلاں عالم نے مجھے یہ یہ بات بتلائی تو حق یہی ہے کہ یہی ٹھیک ہے میں اپنے سے رجوع کرتا ہوں اور جتنے لوگوں نے مجھ سے سنا ہے انہیں بھی چاہئے کہ وہ رجوع کر لیں۔ یہ ہوتا ہے اقتدار پیچھے چلنا اس بات کا اسیر نہ ہو جائے کہ میں نے کہہ دیا کہ بھئی تیری کیا حیثیت ہے میری کیا حیثیت ہے میں نے کہہ دیا آپ نے کہہ دیا اس کی کیا حیثیت ہے ہونا تو یہ چاہئے جو

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمادیا۔
تو پیچھے چلنے کا اثر یہ ہوتا ہے فرمایا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔ وہ لوگ جو عقائد میں اس طرح کھرے ہوں جس طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعلیم فرمائے ہیں۔
اور ان ارشادات کے مطابق کام کریں چونکہ ہر عمل کی صلاحیت یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے مطابق ہو جو عمل آپ کی منشا کے خلاف ہے اس میں کوئی صلاحیت نہیں رہتی۔ فرمایا اگر کوئی محنت کر کے کوشش کر کے اپنے عقائد اور اعمال کو اس سانچے میں ڈھالے تو اللہ فرماتا ہے پھر یہ میرا کام ہے لَنُدْخِلَنَّھُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ۔ پھر میں اسے اپنے بندوں میں داخل کر لیتا ہوں پھر اسے جو کیفیات چاہیں میں عطا کر دیتا ہوں جو آگ اس کے دل میں بھڑکنی چاہئے میں بھڑکا دیتا ہوں جو طلب جو پیاس اس کی ضرورت ہو میں اس تک پہنچا دیتا ہوں یہ ایک بہت مضبوط اثر ہے اللہ سے تعلق قائم کرنے کا ہمارا اعمال اور ہمارے کردار میں۔
لیکن ہماری بد نصیبی یہاں پھر آڑے آتی ہے مذاہب باطلہ کا فلسفہ اگر آپ دیکھیں تو ہر مذہب نے اللہ کو مانا ہے یہ مجبوری ہے ہر مذہب کی خواہ وہ کتنا جھوٹا کتنا نقلی، کیسا بھی ہے لیکن اس کی یہ مجبوری ہے کہ وہ کسی نہ کسی درجے میں ایک آخری طاقت کو مانے خواہ اس کا کوئی بھی نام ہو حتیٰ کہ مذہب کا انکار کرنے والوں نے بھی اللہ کو مانا ہے انہوں نے زمانے اور دہر کے نام سے مان لیا دہریے کہلائے لیکن ایک طاقت تو انہیں بھی ماننا پڑی جو آخری ہے اور جو فاعل ہے اور جو سارے کام کرتی ہے چلو انہوں نے اس کا نام دہر یا زمانہ رکھ لیا لیکن ایک طاقت تو ماننا پڑی انہوں نے اپنے انداز سے مانا۔ اسلام کی آمد سے پہلے اس سرزمین پاک و ہند میں یا برصغیر میں چھتیس کروڑ دیوی دیوتاؤں کا تذکرہ ملتا ہے۔ جب یہاں اسلام آیا تو اس سے پہلے کے دور میں چھتیس کروڑ کی آبادی نہ تھی اس میں لیکن جن دیوی یوتاؤں کو پوجا جاتا تھا ان کی تعداد چھتیس کروڑ تھی اس کے باوجود وہ مہادیو ایک بہت بڑا دیوتا کو بھی مانتے تھے جو سب سے بڑا ہے اکیلا ہے جس جیسا کوئی نہیں یعنی چھتیس کروڑ شریک مان کر پھر بھی انہیں اللہ کو ماننا پڑتا تھا یہ مجبوری ہوتی ہے ہر ایک کی وہ ماننا تو کوئی ماننا نہ ہوا ماننا تو یہ ہے ایمان تو یہ ہے کہ جو صفات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمائیں جو کیفیات ذات کے بارے جو عقیدہ ذات کے بارے ارشاد فرمایا جو عقیدہ صفات کے بارے میں ارشاد فرمایا وہ مانا جائے یعنی اللہ کو ماننا وہ ماننا ہے اور فقہاء اس کی بڑی عجیب تشریح کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں میں اس رب کو ماننا ہوں آدمی کا ایمان یہ ہونا چاہئے بچے کو یہ سکھانا چاہئے کہ میں اس رب کو مانتا ہوں جس کو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو حضرت عبداللہ کے بیٹے تھے مکہ میں پیدا ہوئے ہجرت کر کے مدینہ منورہ گئے اللہ کے آخری رسول تھے جس طرح اور جیسا وہ منواتے ہیں میں اس طرح اور ویسا اپنے رب کو مانتا ہوں یعنی اس پوری قید کے ساتھ مانا جائے اسی طرح اعمال میں بھی ہر عمل کو اس سند کے ساتھ کیا جائے۔
لیکن یہاں بدقسمتی یہ آڑے آتی ہے کہ یہ جو مذاہب باطلہ اپنے طور پر مانتے بھی ہیں انہوں نے عبادات کو دنیوی زندگی میں ملنے کا ایک نظریہ پیش کیا ہے اسی لئے لوگ ان کی پیروی کرتے ہیں آخرت کی انہیں خبر نہیں۔ عذاب و ثواب سے وہ واقف نہیں۔ دائمی زندگی کو وہ جانتے نہیں چونکہ آخرت اور دائمی زندگی قیامت حشر نشر جنت دوزخ یہ سب علوم غیبیہ ہیں اور اللہ اپنے غیب کے علوم پر اپنے نبیوں کو مطلع فرماتا ہے اور نبی ان لوگوں تک یہ بات پہنچاتے ہیں جو ان کو مانتے ہیں۔ اب جس کا تعلق کسی نبی سے نہیں ہے اس کے پاس آخرت کا کوئی تصور بھی نہیں۔ تو پھر کیا کریں جو رسومات مذہب کے نام پر بناتے ہیں ان کا بدلہ کیا دیں پھر وہ لوگوں کو دنیوی انعامات کا لالچ دیتے ہیں یہ رسم کرنے سے عمر بڑھتی ہے یہ رسم کرنے سے اولاد بڑھتی ہے یہ رسم کرنے سے رزق بڑھتا ہے وغیرہ وغیرہ
ہماری بد نصیبی بھی یہ ہے کہ اللہ کریم نے تو عقائد،

عمل کا اجر یہ رکھا کہ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ۔ کہ میں ان کو اپنے صالح اپنے چاہنے والوں میں داخل کر لیتا ہوں لیکن ہماری بد نصیبی یہاں بھی آڑے آتی ہے کہ ہم اگر دو دن سجدہ دے بیٹھیں تو ہم سمجھتے ہیں کہ ہماری نوکری لگ جانی چاہئے کہ ہم نماز پڑھتے ہیں ہم روزے رکھتے ہیں ہماری صحت خراب نہیں ہونی چاہئے ہم اللہ اللہ اتنی کرتے ہیں تو ہمارے کاروبار میں ترقی ہونی چاہئے وہ فلسفہ جو مذاہب باطلہ نے انجیکٹ کیا ہے انسانی ذہنوں میں ہم اس کے اسیر ہو جاتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ بیماری کے لئے صحت کی ضرورت' بھوک کے لئے پیٹ بھرنے کی ضرورت' دنیا میں رہنے کے لئے عزت و آبرو کی ضرورت' روزگار کی یہ ساری ضرورتیں ہیں اور یہ ساری ضرورتیں ہمیں اللہ کریم سے مانگنی ہیں اور اللہ کی عبادت کرنے سے ان سب میں فائدہ بھی ہوتا ہے لیکن یہ ساری ضرورتیں عبادت کی شرط قرار نہیں دی جا سکتیں۔

عبادت کی شرط صرف ایک ہے اور صرف ایک معیار اس کو جانچنے کا کہ کون سے سجدے نے مجھے اللہ کے کتنا قریب کر دیا کون سے عمل نے میرے دل میں اللہ کی طلب پیدا کر دی کون سے وظیفے نے میرے دل میں اللہ کی محبت بڑھا دی۔ عبادات کا اجر اسلام میں قرب الٰہی ہے یہ معمولی چیزیں نہیں یہ تو اللہ کریم فرماتا ہے میں نے جسے بھی پیدا کیا ہے اس کی روزی میرے ذمے ہے میرا ٹھیکہ ہے میری مخلوق ہے وہ اچھا ہے یا برا ہے وہ نیک ہے یا بد ہے وہ مومن ہے یا کافر ہے خوبصورت ہے یا بدصورت ہے۔

مَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا۔ کوئی بھی جسے کھانے کی ضرورت دی گئی ہے فرمایا اس کا کھانا پہنچانا یہ میرا ٹھیکہ ہے میرا ذمہ ہے میں رب ہوں اور میری مخلوق ہے اسے دینا میرا کام ہے۔

تو یہاں فلسفہ عمل یہ ہے کہ کونسا عمل ہمارے دل میں کتنی طلب الٰہی کتنی قرب الٰہی کی طلب پیدا کرتا ہے اور اگر یہ نہ ہو اگر پریشانی آئے ذرا کسی کو چھینکیں آ جائیں تو وہ کہتا ہے آج میں نے نماز نہیں پڑھی طبیعت خراب ہے اور زندگی کے جتنے کام ہیں وہ پوچھو تو سب کر لئے ہیں دفتر بھی گیا ہو گا کھانا بھی کھایا ہو گا لوگوں سے ملا بھی ہو گا سارے کام زندگی کے لیکن طبیعت خراب ہے اللہ کی عبادت چھوٹی یہ اس طبیعت کی خرابی کا سارا اثر دین ہی پر پڑا۔

اللہ کریم فرماتے ہیں لوگ دعویٰ ایمان تو کرتے ہیں اس کے لئے اپنے آپ کو پیش تو کرتے ہیں لیکن۔

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ۔ لوگ بڑے دھڑلے سے کہتے ہیں ہم تو اللہ کو ماننے والے ہیں ہم مسلمان ہیں ہم اللہ کے خادم ہیں ہم اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھتے ہیں لیکن فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ۔ اللہ کی راہ میں اگر کچھ مصیبت آ جائے جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ۔ تو انہیں لوگوں کی طرف سے وہ پیش آنے والی پریشانی اتنی بھاری لگتی ہے جیسے اللہ کا عذاب آ گیا اور پھر اس حال میں وہ دعویٰ محبت وہ دعویٰ اسلام اس پر عمل اس کے تقاضے یہ سار بھول بھال کر اس سے بچنے کے لئے بھاگے پھر رہے ہوتے ہیں نہ انہیں اللہ یاد ہوتا ہے نہ اللہ کی محبت نہ اللہ کا حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور نہ اس کے احکام نہ عبادت اور نہ اس کے اوقات نہ جائز اور نہ ناجائز کی پرواہ نہ حلال اور حرام کی فکر بلکہ انہیں ایک ہی فکر ہوتی ہے کہ اس مصیبت سے میں اپنی جان نکالوں۔ ایسی فکر کرتے ہیں جیسے اللہ کے عذاب سے جان بچانے کے لئے بھاگ دوڑ کرنی چاہئے کتنی شدت سے بھاگ دوڑ کرتے ہیں۔

وَ لَئِنْ جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ۔ فرمایا میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے پروردگار کی مدد پھر ان کی دستگیری فرما لے۔ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ۔ تو کہتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم تو آپ کے خادم ہیں۔ یعنی اگر وہ مصیبت ٹل جائے تو پھر وہ وہیں آجاتے ہیں جی ہم عاشق ہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم مسلمان ہیں۔ ہم محبت کرنے والے ہیں اللہ سے اللہ کریم فرماتا ہے۔

اَوَلَیْسَ اللّٰہُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِیْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِیْنَ۔
ایسے لوگ بے وقوف ہیں یہ اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ اللہ دلوں کے بھید جانتا ہے کس سے جھوٹ بول رہے ہو؟ کس سے بات کر رہے ہو؟ اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ وہ لمحے' وہ کیفیات' وہ خوف و ہراس' وہ لرزہ جو تمہارے دل پر گزرا کیا وہ اللہ کی نگاہ سے اوجھل تھا؟ وہ دیکھ رہا تھا وہ دل کی گہرائیاں' تمہارے دل کی گہرائیاں اس کے سامنے تو عیاں ہیں واضح ہیں اور یہی تو انسانیت کی آزمائش ہے وَ لَیَعْلَمَنَّ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ۔ یہی تو اس دنیا میں پرکھا جا رہا ہے کہ کون کھڑا ہے اپنے وعدے میں اور کون منافق ہے کہ فائدہ ملتا رہے تو دین دار بھی ہے دین بھی ہے ذرہ بوجھ پڑے تو سب سے پہلے دین کو چھوڑ بیٹھتا ہے منافقت یہ ہے کہ دینوی فائدے کے لئے دین کو اپنایا جائے اور دینوی نقصان سامنے آئے تو دین سے کنی کترا جائے یہ منافقت کی بہت بڑی پہچان ہے یعنی دین کے لئے دنیا کا کچھ قربان کرنے کو تیار نہ ہو

تو اللہ کریم فرماتے ہیں یہی تو آزمائش ہے پرکھ ہی یہی ہے انسان کی انسان کو اختیار ہی اتنا دیا گیا یہ عجیب مسئلہ ہے اس پر علماء نے بہت کچھ لکھا ہے مفسرین نے بھی محدثین نے بھی اور بڑی جرح کی ہے ایک عجیب سا قول حضرت علی کرم اللہ وجہ کی طرف منسوب فرماتے ہیں علماء مفسرین کہ کسی نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا انسان کا اختیار کتنا ہے تو آپ نے فرمایا کہ ایک پاؤں اٹھا لو تو اس نے اٹھا لیا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا دوسرا بھی اٹھا لو تو نہیں اٹھا سکتا فرمایا بس اتنا ہی ہے لیکن میرے خیال میں یہ روایت درست ہے یا نہیں کیونکہ یہ قول وضاحت نہیں کرتا اصل سوال کی۔

انسان کے پاس بہت بڑا اختیار ہے اور انسان بے بس بھی ہے۔ بے بس ایسا ہے کہ نہ اپنی مرضی سے پیدا ہوتا ہے نہ اپنی مرضی سے مر سکتا ہے نہ اپنی مرضی سے اپنا رنگ اور حلیہ پسند کر سکتا ہے نہ اپنی مرضی سے اپنی شکل و شباہت قد کاٹھ بنا سکتا ہے نہ اسے رزق کے معاملے میں کوئی اختیار دیا گیا ہے کہ اپنے لئے پسند کرے نہ اسے اقتدار کے معاملے میں کچھ بھی تو نہیں جس طرح سارے ذرات خاکی تقدیر کے دھارے میں بہہ جا رہے ہیں جس طرح درخت اور پتے جس طرح بادل اور ہوائیں جس طرح زمین آسمان کی باقی مخلوق اسی طرح تقدیر کے دھارے میں ہر آن یہ بہتا رہتا ہے۔

اختیار کیا ہے بھلا اختیار یہ ہے کہ اسے اللہ نے دل دیا ہے اور اس کا دل محبت کرنے کا جذبہ رکھتا ہے شعور رکھتا ہے اسے اللہ نے دل کی وہ دور رس نگاہ دی ہے کہ یہ ان چیزوں کی ظاہری چمک کے پیچھے ان کی اصلیت اور حقیقت کو جھانک سکتا ہے اس سے بھی آگے بڑھ کر ان چیزوں کو بنانے والے قادر مطلق کے جمال تک اس کے دل کی نگاہ پہنچتی ہے پھر اسے اختیار یہ دیا گیا اور بہت بڑا اختیار اس کے پاس یہ ہے کہ یہ اپنے لئے دنیا کی لذتیں' فانی راحتیں اور یہ فانی چیزیں پسند کرتا ہے یا یہ اپنے لئے اس کے قرب کا طالب ہے خواہ ساری دنیا مل جائے تو بھی اس کا قرب ملنا چاہئے اور ساری دنیا چھن جائے تو بھی اس کا قرب ملنا چاہئے قرب کو پانا اس کے بس کی بات نہیں ہے لیکن یہ فیصلہ اسے کرنا ہے اسے کیا چاہئے۔ اللہ کریم فرماتے ہیں جو دنیا کو پانے کا فیصلہ کرتا ہے نُؤْتِہٖ مِنْھَا اسے ہم دنیا سے کچھ دے ہی دیتے ہیں کہ آخر ہماری مخلوق ہے اس نے اگر سب کچھ میری جیسی خود میری ذات کو چھوڑ کر اگر یہ بے چارہ دنیا کی طرف لپکا ہے تو پھر چند نوالے دے دو۔

لیکن اگر یہ فیصلہ کرتا ہے کہ مجھے اللہ کا قرب چاہئے تو فیصلہ کرنا اس کا کام ہے قدم اٹھانا اس کے ذمے ہے اسے پکڑ کر اپنی بارگاہ تک لے جانا فرمایا یہ ہمارا ذمہ ہے وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا لَنَھْدِیَنَّھُمْ سُبُلَنَا۔ جو بھی یہ فیصلہ کر کے میری طرف بڑھنے کی جدوجہد کرتا ہے ایک نہیں سینکڑوں راستے میں اس کے لئے کھول دیتا ہوں اسے مجلس بھی صالحین کی دے دیتا ہوں مشورہ دینے والے بھی مخلص لوگ

دے دیتا ہوں اسے مجلس بھی صالحین کی دے دیتا ہوں مشورہ دینے والے بھی مخلص لوگ دے دیتا ہوں سکھانے پڑھانے والے بھی اپنے نیک لوگ دے دیتا ہوں مجھ پر پہنچانے کے بے شمار سبب جو ہیں وہ میں اس کی طرف متوجہ کر دیتا ہوں۔ اس کا اہتمام کر دیتا ہوں کہ وہ بخریت تمام میری بارگاہ میں پہنچ جائے۔

یہ بہت بڑا فیصلہ انسان خود کرتا ہے یہ اتنا بڑا فیصلہ جس کے بارے ارشاد ہے کہ ہم نے ارض و سما پر' بڑے بڑے پہاڑوں پر یہ امانت پیش کی کہ اپنے آپ کو اس آزمائش میں ڈالتے ہو؟ کیا تم دنیا اور دنیا کی لذتوں' نعمتوں اور اس کے مقابلے میں عشق الٰہی کی تپش کو آزمانا چاہتے ہو ---- انہوں نے کہا اللہ ہمیں معاف کر ہم تیرے معاملات میں اپنے آپ کو قابل نہیں پاتے کہ جن معاملات کا تعلق تیری ذات سے ہو تو حکم تک ہماری استطاعت ہے تیری حکم کی تعمیل کے پابند ہیں اور یہی ہمارے لئے کافی ہے۔

وَ حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ انسان نے کہا اللہ میں اس ازمائش میں اتروں گا۔ ٹھیک ہے مانگ کر لی ہے تو اس کا حق ادا کرے اللہ فرماتے ہیں۔

اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا۔ یہ بے وقوف بھی تھا اور جلد باز بھی اس نے سوچا نہیں اس نے سمجھا نہیں اب جب دنیا میں آیا تو اسے ہر چیز دنیا کی میٹھی میٹھی لگتی ہے انہیں چھوڑ کر ادھر آنا پڑے تو اسے کوفت ہوتی ہے پھر یہ اس طرف غرق ہو کر تباہ ہو جاتا ہے اور یہ کتنا بڑا جرم ہے کہ جب ایک مخلوق اپنے مالک سے کہہ کر میدان میں اتری یہ دعویٰ لے کر زمین پہ وارد ہوا کہ بارالہا زمین اور اس کی نعمتیں تو معمولی شے ہیں تو ساری جنتوں کو بھی زمین پہ پھینک دے مجھے نہیں باندھ سکیں گی میں تیری ہی طرف بڑھتا رہوں گا۔ آج پھر کیوں ایک ایک ٹکڑے پہ رک جاتا ہے آج پھر کیوں ہر سجدے پہ کچھ دنیا کی نعمتیں ہی مانگتا ہے آج پھر کیوں تھوڑی سی تکلیف آنے پہ اس طرف کا راستہ بھول جاتا ہے اور دین چھوٹ جاتا ہے اللہ کی طلب سرد پڑ جاتی ہے اور اگر ایسا کرے گا تو پھر ظاہر ہے اس کا نتیجہ اللہ سے دوری کی صورت میں نکلے گا۔

تو یہ ایک بڑی آسان سی بات ہے کہ ہمارے عقائد ہمارے کردار میں ایک تاثیر رکھ دی گئی ہے ایک اثر و دیعت فرما دیا گیا ہے کہ دونوں راستے کشادہ ہیں اب کسی کو اللہ کی محبت نصیب ہو جائے اور وہ اسے اطاعت پہ مجبور کر دے جیسا کہ ابتدائے اسلام میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ساتھ ہوا تھا کہ صحبت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عشق الٰہی کامل نصیب ہو گیا اب اس عشق نے انہیں باندھ کر وہاں کھڑا کر دیا کہ دنیا ادھر سے ادھر ہو جائے ہم تو وہی کریں گے جو ہمارا رب فرماتا ہے۔ بہت آسان بہت سیدھا بہت مختصر راستہ یہ ہے کہ کوئی ایسی ہستی مل جائے جو پر تو جمال حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنا سینہ روشن رکھتی ہو اور کچھ تھوڑی سی رمق کچھ تھوڑا سا شمہ اس عشق کا اس محبت کا اس پر تو جمال کا ہمارے دل میں بھی آجائے اور وہ ہمیں مجبور کر دے اللہ کی اطاعت پر یا پھر ہم اپنے آپ کو باندھ کر کھڑا کر دیں اللہ کی اطاعت پر اور ہمارا کھڑا ہونا جو ہے اس کے عوض اللہ ہمیں اپنا عشق عطا کر دے۔ یہ دو طریقے ہیں دو راستے ہیں۔

ایک تو بہت بڑی خوش نصیبی ہے جیسے صحابہ کرام کو نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات والا صفات نے وہ جذب اور لذت عطا کی تو وہ موت و حیات سے بالاتر ہو گئے بلکہ اللہ کی راہ میں مر کر وہ نعرہ لگاتے تھے **فزت برب کعبہ** رب کعبہ کی قسم میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا اور پھر ایک نہیں پوری تاریخ بھری ہوئی ہے۔ جس کا ماحاصل یہ ہے کہ وہ اللہ کی راہ میں موت تک کو تلاش کرتے ہیں یعنی مال کا دینا اولاد کا دینا سہولیات کا دینا اس کو چھوڑ کر جان دینے کے لئے بھی وہ پھرا کرتے تھے دیوانہ وار۔

حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خط ایرانی جرنیل رستم کو لکھا جس میں اسے دعوت دی تھی کہ اسلام قبول کر لو بہتر ہے ورنہ اگر تم لڑنا ہی چاہتے ہو تو میرے ساتھ ایک

عجیب قوم ہے۔ اِنَّ مَعِیَ قَوْمًا یُحِبُّوْنَ الْمَوْتَ کَمَا یُحِبُّوْنَ الْفَارِسُ الْخَمْرَ۔ جس طرح تمہاری ایرانی سپاہ شراب کی شیدائی ہے میرے یہ جانفروش اس سے زیادہ محبت موت سے رکھتے ہیں وہ اس کے متلاشی ہیں تم لڑ نہیں سکو گے بڑا عجیب جملہ انہوں نے لکھا تھا۔ یُحِبُّوْنَ الْمَوْتَ کَمَا یُحِبُّوْنَ الْفَارِسُ الْخَمْرَ۔ جس طرح تمہاری ایرانی سپاہ شراب پہ ٹوٹتی ہے یہ اس سے زیادہ بے تابی کے ساتھ موت کے متلاشی ہیں تو آخر کیوں دیوانے ہو گئے تھے کیا ہم نمازیں پڑھتے ہیں عمر بڑھانے کو اور وہ پڑھتے تھے جان دینے کو یہ فرق ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ وہ سب کچھ ہار کر اس منزل گاہ عشق میں قدم رکھنا چاہتے تھے جہاں وہ ہوں اور اللہ کا جمال ہو اور یہی عشق کی خصوصیت ہوتی ہے کہ اسے محبوب کے سوا کچھ نہیں چاہئے ہوتا اور انہیں تو یہ ایک لمحے میں، محبت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیب نہیں ہوئی تو انہوں نے اطاعت کا حق اتنا ادا کیا کہ ان کے دل بھی اس عشق کی آگ میں جلنے لگے وہ منصب صحابیت کو تو نہ پا سکے لیکن عشق الٰہی کو انہوں نے اپنی حیثیت سے بڑھ کر پا لیا۔

تو اگر جذبہ بھی صادق نہ ہو عمل اور کردار بھی صحیح نہ ہو عقائد بھی رسومات کی زد میں ہوں تو باقی بچت کیا ہے پھر زیادتی یہ ہے کہ ہم ساری عمر اس پر مطمئن رہتے ہیں کہ جو کچھ میرے پاس ہے یہی اسلام ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اب ہر مسجد کا اسلام الگ ہر محلے کا اسلام الگ ہر ایک گھر میں تین تین طرح کے اسلام ہیں۔ بزرگوں کا اسلام الگ ہے اولاد کا اسلام اور طرح سے ہے باہر سے آنے والے مہمانوں کا اسلام ایک اور طرح سے ہے یعنی جو جس طرح اپنی پسند ہے کسی کی اس طرح کی سوچ اور اس طرح کے عمل کو اسلام بنا لیا گیا ہے اور یہ قطعاً" کبھی بھی نہ صحیح ہے اور نہ مفید اسلام وہی ہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعلیم فرمایا وہی اعمال صالح ہیں جن کی سند بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملتی ہے اور وہ اعمال مرتب ہوتے ہیں عشق پر اور عشق مرتب ہوتا ہے ان اعمال پر یہ تو قانون فطرت ہے کہ ہر چیز کا ماحاصل بھی وہی ہوتا ہے جو اس کا بیج بنتا ہے۔ آپ سارے آم کے پراسس کو دیکھیں درخت پر تنا اس پر بیج لگا اس پر پھل لگا کھانے پینے کے بعد ایک بیج ایک گٹھلی حاصل ہوئی وہی گٹھلی ایک پورا آم پھر دے سکتی ہے اسے دبا دو آم نکل آئے گا۔ آم کا پیڑ لگا دو اس پر وہی پھل آ جائے گا آپ دانہ دبا دو تو اس پر پودا نکل آئے گا پھر پودے پر کیا ہو گا آخر میں وہی دانے لگیں گے۔ تو عمل محبت پہ استوار ہوتا ہے یا عمل سے محبت پیدا ہو جاتی ہے لیکن عمل بھی خالص ہو عقیدہ بھی کھرا ہو۔

اور اگر ہم ساری زندگی اس کی صلاحیت یا اس کے کھرے پن کو جانچنے کی کوشش ہی نہ کریں ماحول کچھ رسومات ہمیں دے دے انہیں کو اسلام سمجھ لیں تو یہ اپنے آپ کے ساتھ زیادتی ہے یہ کسی پر فتویٰ لگانے والی بات نہیں ہر شخص کو اختیار حاصل ہے اس کا اپنا معاملہ ہے اپنے رب کے ساتھ اور خود اسے چاہئے کہ وہ ان اعمال کی ان خیالات کی تحقیق کرے جو اس کے پاس ہیں۔

اللہ کریم ہمیں صحیح عقیدہ اور خالص عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہماری خطاؤں پہ درگزر فرمائے ہمارے ٹوٹے پھوٹے اعمال کو اور ہمارے ایسے کردار کو جو اس کی بارگاہ کے قابل نہیں ہیں اپنے کرم سے قبول فرمائے کوتاہیوں اور لغزشوں کو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے اور ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اتباع آپ کا عشق اپنی ذات کی محبت نصیب فرمائے۔

سب سے پہلے اپنے وجود کو
اسلامی ریاست بنائیے۔

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ

مولانا محمد اکرم اعوان

اسلام نے انسان کی زندگی کے ہر پہلو کو ایک انقلاب آفرین تبدیلی سے روشناس فرمایا اور اس کے نتائج اخروی کامدار تو اخروی مشاہدات پر یا آخرت میں پہنچ کر سامنے آنے پر کسی کے علم میں آ سکیں گے یا ایمان پر ہے لیکن اس کے جو نتائج دنیا میں ظاہر ہوئے وہ تاریخ کا حصہ بھی ہیں اور ایک عالم پہ آشکارہ بھی ہیں۔ انسانی مزاج یہ تھا افراد ہوں یا اقوام وہ اپنے نفع و نقصان کو اپنے اعمال کے نتائج اور اثرات کو اپنے کردار کے نتیجے میں پیدا ہونے والے ردعمل کو دنیوی نتائج کی روشنی میں دیکھنے کے عادی تھے اور عادی ہیں کوئی بھی انسان کھیت میں ہل چلاتا ہے تو اسے لہلہاتا ہوا دیکھنے کے لئے اس میں فصل کو دیکھنے کے لئے۔ کوئی بھی انسان مزدوری کرتا ہے تو اجرت پانے کے لئے۔ کوئی انسان دنیا کا کوئی کام کرتا ہے تو اس سے وہ فوری نفع کی امید رکھتا ہے۔ اسلام نے اس میں ایک عجیب تبدیلی فرمائی ہے۔ اسلام نے ہر کام کو دنیا سے اٹھا کر آخرت کے حوالے سے دیکھنے کی تاکید فرمائی اور اس پہ اصرار کیا قرآن حکیم میں فرمایا۔

وَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ۔ کہ ایسے لوگ جو اس کتاب پہ ان احکام پہ یقین رکھتے ہیں جو آپ پر نازل فرمائے گئے اور جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے نازل ہوا اس سب پر بھی ایمان اور یقین رکھتے ہیں اور آخرت کا ایمان اور آخرت پہ یقین بھی اسی ایمان اور اسی یقین کا ایک جزو تھا لیکن اسے اتنی اہمیت دی کہ پھر سے الگ سے ارشاد فرمایا وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ۔ اور آخرت پر وہ بہت پختہ یقین رکھتے ہیں۔ آخروی یقین کی یہ ابتدائی صورت ہے کہ ہم اقرار کرتے ہیں کہ آخرت ہے اور آخرت میں ہر عمل کا بدلہ دیا جائے گا اور ہمیں اللہ کے روبرو جواب دینا ہے یہ ایک انتہائی ابتدائی صورت ہے ماننے کی۔ جس یقین کا مطالبہ قرآن حکیم کرتا ہے وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ کہ آخرت پر ان کا پختہ یقین ہے اس سے مراد یہ ہے کہ جو کام بھی وہ کرتے ہیں جو بات منہ سے نکالتے ہیں جو قدم اٹھاتے ہیں اس کے اخروی نتیجے پہ ان کی نگاہ ہوتی ہے اور انہیں یقین ہوتا ہے کہ آخرت میں اس پر یہ نتیجہ مرتب ہو گا۔ اب اس نتیجے کو جاننے کے لئے اس بات کو سمجھنے کے لئے چونکہ آخرت ہمارے عقل کی حدود سے بہت دور ہے ہماری ظاہری نگاہ کی رسائی سے بہت پرے ہے تو اس درمیانی فاصلے کو کس دوربین سے دیکھا جائے یہ دوربین ہے ذات نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنہوں نے ایک چھوٹے سے چھوٹے اور چھوٹی سے چھوٹی بات سے لے کر زندگی کے بہت بڑے بڑے معرکوں تک ہر کام کا اسلوب اور اس انداز سے کئے جانے پر اس پر مرتب ہونے والا نتیجہ۔ یقینی انداز میں بتا دیا۔

ہمارے ہاں غیر پڑھے لکھے لوگوں میں جنہیں پڑھنا لکھنا نصیب نہیں ہوا ان میں ایک بڑا عجیب محاورہ ہے جو اکثر سنا گیا ہے۔

"کہ آخرت کو کس نے دیکھا ہے اور کون پلٹ کر آیا ہے کہ وہ بتائے وہاں یہ کچھ ہوتا ہے"

لیکن حق یہ ہے کہ جتنے لوگ گزر چکے ہیں انبیاء علیہم السلام کے علاوہ اگر یہ سارے بھی پلٹ آئیں تو ان کے بتانے میں پھر بھی غلطی ہو سکتی ہے ان کے تجربے میں پھر بھی انہیں دھوکا لگ سکتا ہے ان کے بات پہنچانے میں ان سے مفہوم تبدیل ہو سکتا ہے لیکن جو کچھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتایا ۔ وہ کسی پلٹ کر آکر بتانے والے سے کروڑوں گنا سچا صحیح اور خالص اور کھرا ہے یعنی اگر کوئی قبر سے اٹھ کر آجائے اور وہ یہ بتائے کہ مرنے کے بعد یہ کچھ ہوتا ہے میں اس تجربے سے گزرا ہوں تو اسے غلطی لگ سکتی ہے یا ہمیں سمجھانے میں وہ ٹھوکر کھا سکتا ہے لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ سمجھنے میں ٹھوکر کھائی نہ سمجھانے میں ٹھوکر کھائی۔

یہ وہ بنیادی تبدیلی تھی جس نے مسلمان کی نگاہ کو بہت زیادہ وسعت دے دی اتنی کہ غیر مسلم اسے سمجھ ہی نہیں سکتا۔ مثلاً" ہم کاروبار کرتے ہیں وقتی طور پر نفع کمانے کے لئے لیکن مسلمان کاروبار اس انداز سے کرتا ہے کہ وقتی نفع تو مقصد ہے لیکن اگر وقتی طور پر نقصان بھی ہو جائے تو جو نتیجہ آخرت میں مرتب ہونا ہے اس میں نقصان نہ ہو۔ اسی طرح زندگی کے سارے امور کو جانچا اور پرکھا جا سکتا ہے حتی کہ زندگی اور موت کے متعلق مسلمانوں کا تصور یکسر بدل گیا۔

حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رستم کو ایرانیوں کے ساتھ آخری فیصلہ کن معرکے میں ایک خط لکھا تھا اس میں یہی بات لکھی تھی اور یہ بڑی عجیب بات ہے کہ بہتر ہے تم توبہ کر لو ہمارے ساتھ ہمارے برابر کے دینی بھائی بن جاؤ اور وہی حقوق تمہیں حاصل ہوں جو مسلمان کو حاصل ہوتے ہیں اگر تمہاری قسمت میں یہ سعادت نہیں ہے تو تم جزیہ دے کر اپنی سلطنت اپنی ریاست اپنا ملک اپنی جان اپنا سب کچھ بچا لو زمین اللہ کی ہے اس پر قانون اللہ کا ہو گا مخلوق اللہ کی ہے اس پر حکمرانی اللہ کی ہو گی اگر تمہیں یہ بھی پسند نہ ہو تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آخری جملہ یہ لکھا تھا کہ

اِنَّ مَعِیَ قَوْمٌ یُحِبُّوْنَ الْمَوْتَ کَمَا یُحِبُّوْنَ الْفَارِسُ الْخَمْرَ۔ کہ میرے ساتھ ایسے لوگ ہیں جس طرح تمہاری ایرانی سپاہی شراب کو تلاش کرتے پھرتے ہیں اس سے زیادہ یہ موت کی جستجو میں گھوما کرتے ہیں یعنی لوگ جان بچانے کے لئے زندگی کی تلاش میں سرگرداں ہوتے ہیں اور یہ جان دینے کے لئے موت کو کرتے ہیں۔ اس لئے کہ صرف اسلام نے وہ نگاہ دی وہ وسعت دی نگاہ کو' وہ وسعت نگاہ دی مسلمان کو کہ وہ زندگی اور موت کے بھی اس نتیجے کو دیکھتا ہے جو آخرت میں مرتب ہو گا۔

منافقین نے جھوٹ بول کر کچھ اکابر صحابہ رضوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دین سیکھنے کے بہانے حال کئے ان سے دھوکا کیا شہید کر دیئے اور یہ بہت بڑا دھوکا تھا بہت بڑی زیادتی تھی پھر گرفتار کر کے مکہ والوں کے ہاتھ بیچ دیے بہت لمبا قصہ ہے آپ نے پڑھا بھی ہو گا سنا بھی ہو گا۔ اس سارے واقعہ میں ایک بڑا عجیب واقعہ آتا ہے کہ ان منافقین میں سے ایک شخص جس نے ایک مسلمان صحابی کو شہید کیا تھا وہ سیدھا وہاں سے مدینہ منورہ کو چل پڑا اسے اس کے ساتھی نے پکڑا کہ تم پاگل ہو تم کہاں جاتے ہو اس نے کہا میں ان لوگوں کے پاس جاؤں گا ان کے نبی علیہ السلام کی خدمت میں جاؤں گا جانتے ہو کیا نتیجہ ہو گا ہم نے ان کے ساتھ کتنا بڑا دھوکا کیا اس نے کہا یہی ہو گا قتل کر دیں گے لیکن میں ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں ان سے یہ اجازت ضرور چاہوں گا کہ مجھے میری بات کا جواب دے دو اس کے بعد بے شک قتل کر دو اور وہ بات اتنی عجیب ہے کہ میں اسے ہضم نہیں کر سکتا۔ "کیا بات

ہے؟" تو کہنے لگا "بات یہ ہے کہ جس آدمی کے ساتھ میں لڑ رہا تھا مقابلہ کرتے کرتے میرا نیزہ اس کے سینے پر پڑا اور پسلیاں توڑتا ہوا پشت کی طرف نکل گیا اور آخری الفاظ جو اس شخص کی زبان سے نکلے وہ تھے فُزْتُ بِرَبِّ الْكَعْبَةِ رب کعبہ کی قسم میں جیت گیا وہ کہتا ہے یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی میں سمجھ رہا تھا میں جیت گیا ہوں لیکن یہ میں کیسے مانوں کے عرب کا سپوت بھی ہو مرد میدان بھی ہو اور نزع کے وقت وہ جھوٹ بولے اور رب کعبہ کی غلط قسم کھائے یہ تو نہیں ہو سکتا یہ تو عربوں کے مزاج کے خلاف ہے اور اگر اس نے قسم سچی کھائی ہے اور مرتے دم اور آخری سانس میں کھائی ہے اور رب کعبہ کی کھائی ہے تو وہ تو مر گیا پھر وہ جیت کیسے گیا؟ میں تو سمجھتا ہوں اسے شکست ہوئی وہ ہار گیا وہ مجھ سے ہار گیا زندگی ہار گیا اور وہ کہتا ہے رب کعبہ کی قسم میں جیت گیا تم یہ بات مجھے نہیں سمجھا سکو گے شاید وہ ہستی مجھے سمجھا سکے جس نے زندگی اور موت کا تصور تبدیل کر دیا ہے ان کے دلوں میں۔ یہ کیا عجیب بات ہے کہ ہم ساری زندگی زندگی بھر کے ایک لمحے کو ترستے ہیں کہ ہمیں چند منٹ مہلت اور مل جائے یہ کیسی عجیب قوم ہے کہ وہ موت کے منہ میں جاتے ہوئے کہتا ہے رب کعبہ کی قسم میں کامیاب ہو گیا۔" اور وہ واقعی اپنا یہ سوال لے کر مدینہ منورہ حاضر ہوا اور اسی جملے نے اسے نور ایمان سے مشرف فرمایا کہ بحالت کفر اس کی سمجھ نہیں آتی اس کے لئے نور ایمان کی ضرورت ہے تم جب زندگی اور موت کو اس تناظر میں دیکھو گے کہ سر میدان کون کھیت رہا اس کا نتیجہ اور ہو گا اور اگر اس زندگی اور موت کو اس تناظر میں دیکھو گے کہ میدان حشر میں کون سرخرو ہوا تو نتیجہ مختلف ہو گا۔

تو اسلام نے جو سب سے بڑی انقلاب آفرین تبدیلی دی سارے تصورات حیات میں۔ ان میں ایک بہت بڑی تبدیلی اس نے اپنے ماننے والوں کی نگاہ کو یہ دی۔

حضرت مرزا جان جاناں سے ایک مرید نے عرض کیا کہ مجھے کوئی خدمت ضرور فرمایئے تو فرمایا تم سال میں دو دفعہ میرے پاس آتے ہو اگر تم میری خدمت کرنا چاہتے ہو تو ایک بار کم کر دو اور سال میں ایک بار آیا کرو حضرت یہ کیوں فرمایا تم کھانا بہت پیٹ بھر کر کھاتے ہو اور میں تمہیں دیکھتا رہتا ہوں تو میرا ہفتہ بھر معدہ خراب رہتا ہے۔ اس لئے تم اگر سال میں ایک بار آؤ تو مجھے ایک بار اس تکلیف سے نجات مل جائے گی تو اس قدر ان کے مزاج میں نزاکت تھی۔

بہادر شاہ ظفر آپ سے ملنے گیا تو اسے پانی پینے کی ضرورت ہوئی اس نے اٹھ کر صراحی سے خود ڈال دیا واپس جب گلاس رکھا تو ذرہ سا ٹھہرا تھا تو فرمایا بادشاہی کیا خاک کرو گے صراحی پر گلاس رکھنے کی تو تمیز نہ آئی تمہیں تم حکومت کر لو گے؟ اتنا بھی برداشت نہیں کرتے تھے۔

ان کی اہلیہ جو تھیں وہ بڑی سخت مزاج تھیں سخت کلامی کرتی تھیں گالیاں تک دینے سے باز نہیں آتی تھیں ایک کابلی مرید تھا وہاں اللہ اللہ سیکھتا تھا اسے کسی کام سے آپ نے گھر بھیجا کہ گھر والوں سے فلاں چیز لے آؤ اس نے دروازہ کھٹکھٹایا اندر سے وہ حسب عادت بولیں کون ہے حضرت نے بھیجا ہے اس نے پانچ سات گالیاں حضرت کو دیں دس بارہ آنے والے کو دیں وہ بھی کابلی تھا وہ بھی بڑا چلایا باہر سے کہ گردن اڑا دوں گا یہ کر دوں گا وہ کر دوں گا تو آپ نے لوگوں کو دوڑایا جو شاگرد بیٹھے تھے کہ اس بے وقوف کو کیوں بھیجا اسے لے آؤ پکڑ کر تو کسی نے عرض کی حضرت آپ کے لئے تو اس خاتون کے ساتھ عمر بسر کرنا بہت بڑی آزمائش ہے یعنی جو آدمی غلط تلفظ برداشت نہ کر سکے وہ سخت کلامی یا بد زبانی کیسے برداشت کرے گا۔ آپ کے لئے تو بیویوں کی کوئی کمی نہیں لوگ فخر کریں گے کہ آپ کے ساتھ اپنی نسبت قائم کریں اگر کسی کا رشتہ قبول کریں آپ اور شادی کر لیجئے تو فرمانے لگے اس سے یہ ہو گا کہ میں اس دنیوی آزار سے بچ جاؤں گا لیکن اسے برداشت کرنے سے جو اخروی ثواب مجھے مل رہا ہے وہ تو جاتا رہے گا۔ یہ

جو ایذا میں برداشت کرتا ہوں اس کے نتیجے میں جو ترقی درجات مجھے ہوتی ہے یا جو اخروی ثواب مجھے ملتا ہے اس کا کیا ہو گا۔

یعنی اسلام نے مومن کی نگاہ کو وہ وسعت دی کہ چھوٹے چھوٹے گھریلو مسائل میاں بیوی کے معاملات اولاد کے ساتھ تعلقات والدین کی خدمت یا دوست اور احباب کے ساتھ جو روابط ہیں ان سب میں بھی اس نے مومن کی نگاہ کو اس دن پر مرکوز کر دیا جب وہ اللہ کریم کے روبرو کھڑا ہو گا کہ ان اعمال کا نتیجہ کیا ہو گا اور یہ بڑی عجیب بات ہے کہ جس عمل کا نتیجہ میدان حشر میں مثبت ہے اس پر دنیا میں کبھی نقصان مرتب نہیں ہوتا یہ بڑی عجیب بات ہے۔ آپ دیکھیں کہ جب تک مسلمانوں کی نگاہ میں یہ وسعت رہی تب تک روئے زمین کی حکومت و سلطنت بھی ان کے قدموں میں رہی دینوی فوائد بھی انہی کے پاس تھے۔ جب سے اپنی کم ہمتی کی وجہ سے اپنی کمزوری کے سبب سے اس تعلق میں اس رابطے میں کمی آئی اور وہ عملی کے بجائے زبانی ہی رہنا شروع ہو گیا تو یہ یقین بھی عمل کی حد سے نکل کر زبانی دعوؤں کی حد میں آ گیا اور ہماری عملی زندگی ایسی ہو گئی کہ ہم قیامت کو بھی مانتے ہیں اللہ کے ہاں جواب دہی کو بھی مانتے ہیں اور ایک ایک ٹکے کے لئے جرم بھی کرتے ہیں یہ کتنی بات ہے کہ ایک آدمی جانتا ہے مجھے اللہ کے روبرو حساب دینا ہے پھر وہ دو آنے دس آنے دس روپے پچاس روپے یا دس کروڑ کے لئے بھی بددیانتی کرتا ہے بددیانتی تو کرتا ہے زیادہ کے لئے کرتا ہے یا تھوڑے کے لئے بھی بد دیانتی تو کرتا ہے اسے پتہ ہے کہ میں جھوٹ بھول کر اللہ کے نظام کو تبدیل نہیں کر سکوں گا جو کچھ ہونے والا ہے وہ ہو کر رہے گا میرا جھوٹ اسے بدلے گا نہیں لیکن وہ جھوٹ بولتا ہے کہ شاید اس طرح سے میں دنیا کی روش بدل دوں وہ سمجھتا ہے کہ دوسرے حق لے کر اگر میں کھاؤں گا۔

اگر کوئی قوم آپ کو خوشحال نظر آئے گی تو اس کی تجارت میں آپ کو دیانت داری نظر آئے گی۔

اب اخروی اجر کا تعلق تو ایمان سے ہے ایمان ہو گا تو اس کا اجر وہ آخرت میں بھی پائیں گے۔ تو ہماری یہ ضرورت ہے کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات سے اپنی نسبت اپنے تعلق کو کمزور کر کے نہ دنیا میں باعزت طور پر باقی رہ سکتے ہیں اور نہ آخرت ہمارے ہاتھ آ سکتی ہے۔ یہ ہماری مجبوری ہے ہمیں احسان نہیں کرنا کسی پر کسی دوسرے کے لئے نہیں کرنا بلکہ یہ ہماری ضرورت ہے اور اس کے بغیر زندگی کا کوئی تصور نہیں اور یہ سارے مجاہدے ساری محنت سارے ذکر اذکار جو ہیں ان کے جانچنے کا قاعدہ بھی یہی ہے کہ ہر ساتھی یہ دیکھا کرے کہ ذکر کرنے سے اللہ اللہ کرنے سے عبادت کرنے سے میں اس اخروی یقین کے کتنا قریب جا رہا ہوں اور یہ میری اعمال کو کس حد تک متاثر کر رہا ہے یہی سب سے بڑی ترقی سب سے بڑا درجہ سب سے بڑی ولایت یہی ہے نتیجہ اسی پر مرتب ہو گا اللہ کریم ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائیں ہماری لغزشوں سے درگزر فرمائیں اور ہماری یہ نعمت گم گشتہ پھر سے اس قدر عام کر دیں کہ ہر مسلمان کا سینہ اس نور سے منور ہو اور دنیا اسلام کا عروج پھر سے دیکھے۔(93-10-13)

دعائے مغفرت

سلسلہ عالیہ کے رفقاء

۱۔ نور زماں سرویئر (شیدو) نوشہرہ کی والدہ ماجدہ

۲۔ عبدالخالق ڈرائیور (بکھر بار) سرگودہا کے والد ماجد

۳۔ محمد اسلم ثاقب (اوکاڑہ) کی پھوپھی جان

۴۔ ڈاکٹر عبدالرشید (دارالعرفان) کی والدہ ماجدہ

۵۔ ماسٹر خاں محمد (بکھر بار) سرگودہا کے والد ماجد

قضائے الٰہی سے فوت ہو چکے ہیں ان سب کے لئے تمام ساتھیوں سے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات واجتہادات

ڈاکٹر لیاقت علی خاں نیازی

اسلامی قانون کے ارتقائی کو مورخین تاریخ فقہ نے مختلف ادوار میں تقسیم کیا ہے۔ سرعبدالرحیم نے اسے چار ادوار' ڈاکٹر صبحی نے پانچ ادوار' ڈاکٹر مصطفیٰ احمد زرقا نے ساتھ ادوار اور مصری عالم اور مورخ محمد خضری نے چھ ادوار میں تقسیم کیا ہے۔

پہلا دور علامہ محمد خضری کی نظر میں:

علامہ محمد الخضری نے تاریخ التشریع الاسلامی میں فقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے۔ قرآن حکیم آپ کی ولادت کے اکتالیسویں سال سے آپ پر بتدریج نازل ہونا شروع ہوا یہاں تک کہ ۱۰ھ میں جب کہ آپ کی عمر کا تر یسٹھواں سال تھا ۹ ر ذی الحجہ سورہ مائدہ کی اکمال دین اور اتمام نعمت والی آیت نازل ہوئی۔ اسی بنا پر نزول قرآن کے ابتداء و انتہا کی کل مدت علامہ خضری کے الفاظ میں بائیس سال دو مہینے اور بائیس دن بنتی ہے۔ فقہ اسلام کا بنیادی ماخذ قرآن ہے۔ قرآن حکیم دراصل شریعت اسلامی میں دستور کی حیثیت رکھتا ہے اور قانون شرعی کا اصل سرچشمہ ہے۔ اس میں ہر حکم کو اجمالی طور پر بیان کیا گیا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی وضاحت فرمائی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بطور حکم (جج) کے بھی فرائض سرانجام دیتے تھے اور مقدمات کا فیصلہ فرماتے تھے۔

قرآن مجید بطور ماخذ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر آیات احکام یعنی فقہی آیتیں اکثر ان واقعات کے جواب میں نازل ہوتی تھیں جو اسلامی معاشرہ میں پیدا ہو جایا کرتے تھے۔ نزول قرآن کے دو دور ہیں۔

۱) قبل از ہجرت (۶۲۲ سے قبل)۔

۲) ہجرت کے بعد (۶۲۲ سے ۶۳۲ تک)۔

آیات مکی بھی ہیں اور مدنی بھی۔ مکی آیات میں وحدانیت' قیامت اور اخلاق کی باتیں ہیں جب کہ فقہی مسائل اور احکام کی تفصیل زیادہ تر مدنی آیتوں میں دی گئی ہے۔

قرآن مجید انسانی حالات کی اصلاح کے لئے نازل کیا گیا۔ قرآن حکیم نے فقہی احکام میں تین چیزوں کو اپنا بنیادی اصول قرار دیا یعنی عدم حرج' قلت تکلیف اور تدریج۔ حدیث شریف میں آیا ہے "میں سہل اور سیدھے مذہب کو لے کر مبعوث ہوا ہوں۔" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے قبل عرب معاشرے کی حالت بگڑی ہوئی تھی اور جنگلی قانون کا دور دورہ تھا۔ آپ نے قرآن حکیم کی روشنی میں بتدریج جرائم (مثلاً"

شراب اور جوئے) سے مکمل طور پر منع فرما دیا۔ جملہ احکام قرآنیہ مندرجہ ذیل ہیں۔

۱) عبادات (نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج)۔

۲) بندوں کے باہمی معاملات، قوانین تحفظ، دعوت اسلام یعنی جہاد، قوانین استقلال خاندان یعنی وہ احکام جو نکاح، طلاق، نسب اور وارثت سے متعلق ہیں۔ قوانین معاملات یعنی بیع اور اجارہ وغیرہ۔

۳) قوانین تعزیری یعنی حدود و قصاص

حدیث کا مقام:

حدیث سے مراد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام اقوال و افعال ہیں اور دوسروں کے وہ اعمال جن کو آپ نے قائم و برقرار رکھا۔ آپ شارح کلام الٰہی ہیں۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہے۔

"اے رسول جو کچھ تیرے رب کی طرف سے تجھ پر نازل کیا گیا ہے اسے لوگوں تک پہنچا دے۔"

ایک اور جگہ ارشاد ہے۔

"اور ہم نے تیری طرف ذکر (قرآن) نازل کیا تا کہ تو لوگوں کے لئے کھول کر بیان کر دے جو ان کے لئے نازل کیا گیا ہے اور تا کہ وہ اس میں غور و فکر کریں۔"

آپ نے قرآن مجید کے مطالب کو قول و فعل سے بیان اور ادا فرمایا۔ آپ نے نماز ادا فرمائی اور فرمایا "نماز ادا کرو جس طرح مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھتے ہو"

آپ مشکل آیتوں کی تفسیر کرتے ہیں۔ قران حکیم نے آپ کی پیروی کو واجب قرار دیا۔ آپ نے احادیث میں نماز اور زکوٰۃ کی تشریح فرمائی۔ آپ ان چیزوں میں جو دو کھلی ہوئی چیزوں کے درمیان واقع ہیں اجتہاداً فرماتے تھے اور چیزیں جو اصول و فروع کے درمیان دائر ہیں ان میں قیاس کرتے تھے۔ قرآن میں حلال و حرام چیزوں کا ذکر ہوا۔ آپ نے اجتہاد ان کی توضیح کی۔

اجتہادات نبویؐ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر درندہ جانور کو حرام قرار دیا اور پالتوں گدھوں کے گوشت کی ممانعت فرمائی۔ خدا نے پینے کی غیر منشی چیزوں کو حلال کیا اور منشی چیزوں کو حرام قرار دیا۔ آپ نے ہر منشی چیز حرام قرار دی۔ فرمایا

"وکل مسکر حرام"

احرام حج میں شکار کی ممانعت ہے۔ حدیث میں وجوب کفارہ کے متعلق قصدو خطا دونوں کو برابر کر دیا گیا۔ قرآن میں سود حرام ہے۔ آپ نے احادیث میں مختلف الاجناس چیزوں کی خرید و فروخت کو بھی سود قرار دیا۔ خدا نے ماں بیٹی اور دو بہنوں کے نکاح کو حرام کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی عورت اور اس کی پھوپھی یا خالہ سے ایک ساتھ نکاح کرنے کی ممانعت فرمائی۔ اجتہادات کی دیگر مثالیں درج ذیل ہیں۔

احکام دیت۔ احکام دیت کا مختصراً ذکر قرآن حکیم میں درج ہے۔ احادیث سے ان احکام کو واضح کیا گیا ہے۔ دیگر ائمہ کرام نے بھی اس ضمن میں وضاحت فرمائی جیسے امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب الام۔

عبادات۔ اکثر عملی احادیث میں زکوٰۃ، نماز اور حج کے احکام کی تشریح فرمائی اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ سے یہ تعلیمات بالمشافہ اخذ کیں۔ حدیث نے عملاً اور چند نمازیں بتلائیں جو نفل ہیں مثلاً عیدین کی نماز۔ رمضان کے علاوہ سال میں اور جو روزے رکھے جاتے ہیں ان کو آپؐ نے مسنون قرار دیا۔ حج اور عمرہ میں تعلیمات کی توضیح فرمائی۔ آپ نے فرمایا کہ "مجھ سے اپنے ارکان سیکھو" نظام زکوٰۃ کی تشریح فرمائی۔

دیگر معاملات۔ جہاد کا ذکر سورہ نساء، سورہ انفال اور سورہ حج و دیگر مقامات پر درج ہے آپ نے جنگی اصولوں کی تشریح فرمائی۔ معاہدات باہمی کی توضیح فرمائی، اسیران جنگ کا ذکر سورہ قتال میں ہے۔ آپ نے چند مخصوص

اسباب کی بناء پر بعض قیدیوں کے قتل کا حکم دیا مثلاً" بدر میں عقبہ کے قتل کا حکم (جو مخالفین کی مدد کرتا تھا۔) آپ نے غزوات (مثلاً" بدر' احد وغیرہ) میں اپنے قول و فعل سے احکام سے قرآنی کی تشریح فرمائی۔

نظام منزلی۔ قرآن حکیم میں نظام منزلی (نکاح' رضاعت' طلاق وغیرہ) کا ذکر ہے۔ آپ نے حدیث میں بھی نکاح اور اضافہ تعداد امت کی خاص طور پر سخت ترغیب دی۔ رضاعت کی بناء پر نکاح حرام ہونا قرآن سے ثابت ہے آپؐ نے اس کی تشریح فرمائی۔ قرآن حکیم حقوق میں مرد اور عورت کے درمیان مساوات کا قائل ہے تاہم گھر کا سربراہ مرد ہی ہے۔ احادیث میں مردوں کو حسن معاشرت کا بہ کثرت حکم دیا گیا ہے۔ طلاق کے بارے میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو قرآن کی خلاف ورزی کی تو آپ نے اسے ناپسند فرمایا اور حکم دیا کہ عدت کے پورے زمانے میں عورت سسرال قیام کرے۔ استیذان کے بارے میں سورۃ نور میں احکام موجود ہیں۔ آپ نے اس کی تفصیل اور احکام جاری فرمائے۔ آداب حجاب کی تفصیل بیان فرمائی۔

نظام وارثت و معاملات۔ آپ نے نظام وارثت اور معاملات میں احکام قرآنی کی تشریح بیان فرمائی۔

تعزیرات۔ قرآن میں پانچ سزائیں قصاص' حد زنا' حدقذف' حد سرقہ اور ڈاکہ کی سزا موجود ہے۔ آپ نے حدیث میں چھٹی سزا شراب نوش کر دی۔ آپؐ نے نظام دیت کی توضیح کی اور بعض دیتوں کا ذمہ دار عاقلہ یعنی اہل قبیلہ یا اہل محلّہ کو قرار دیا۔ سورہ نور میں ارشاد ہے زانی اور زانیہ کی سزا کو سو کوڑے ہے۔ حدیث میں شادی شدہ زانی اور زانیہ کی سزا رجم یعنی سنگسار مقرر فرمائی (صحیح مسلم ملاحظہ فرمائیں۔) حدیث میں مندرجہ ذیل بالا سزاؤں کو نافذ کرنے میں حاکم کو احتیاط کا حکم دیا گیا۔ بقول علامہ خضری "یہ وہ احکام ہیں جو خداوند تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر بذریعہ وحی نازل فرمائے تھے اور آپ کو حکم دیا گیا تھا کہ لوگوں تک ان کو پہنچا دیں اور ان کی تشریح فرما دی۔"

حضرت عائشہ فرماتی ہیں "آپ کا خلق قرآن تھا"

آپ نے حجتہ الوداع میں نسل انسانی کے حقوق کا منشور پہلی دفعہ اقوام عالم کو دیا جو بقول رابرٹ بریفو بہت بڑا کارنامہ ہے۔ بقول بیسونی یہ سب کچھ اجتہاد نبویہ کی وجہ سے تھا۔ الغرض حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دور میں فقہ و اجتہاد کی بنیاد رکھی اور دوسروں کی اس پر حوصلہ افزائی اور بعض مواقع پر زبانی توثیق و تائید سے اس کی ضرورت اور اہمیت سمجھائی۔ آج بھی فقہ اسلامی کے نفاذ کی پاکستان میں اشد ضرورت ہے۔ اجتہاد وقت کا اہم ترین تقاضا ہے۔

مسلمان سکالرز اور ماہرین کے لئے دعوت

زندگی کے ہر شعبے سے وابستہ خصوصاً تعلیم و تدریس (ہر شعبہ) میڈیکل سائنسز' ٹیکنیکل و ٹیکنالوجی' صنعت' بنکنگ و فنانس' قانون و عدلیہ اور بے شمار دوسرے شعبوں کے ماہرین سے گذارش ہے کہ ریسرچ اور تحقیق کے مختلف کاموں میں ہمیں آپ کی ماہرانہ رائے' تجربات اور مقالوں کی ضرورت پڑتی رہے گی۔ اس کے لئے مناسب ہو گا کہ ہم ایک دوسرے سے متعارف ہوں۔ آپ اپنے نام اور پتے کے علاوہ اپنا Personal Data ہمیں بھیج دیں تو ہم آپ سے وقتاً" فوقتاً" رابطہ قائم رکھیں گے۔ آپ کا Personal Data ہمارے پاس مکمل Confidential رہے گا۔

تاج رحیم
سیکرٹری نشر و اشاعت و تحقیق
اویسیہ سوسائٹی' کالج روڈ' ٹاؤن شپ لاہور

آپ نے پوچھا

سوال : شریعت اور طریقت میں کیا فرق ہے؟

جواب : شریعت اور طریقت میں فرق یہ ہے کہ شریعت تھیوری کو کہتے ہیں' طریقت اس پر عمل کرنے کا نام ہے۔ صورت یہ ہوتی ہے کہ آدمی عمل تو کرتا ہے لیکن وہ محض خانہ پری کرتا ہے' اس میں خلوص نہیں ہوتا اس میں گہرائی نہیں ہوتی۔ مثلاً" جیسے لوگ ساٹھ ساٹھ برس تک نماز ادا کرتے رہتے ہیں لیکن ساٹھ برسوں میں یہ کوشش نہیں کرتے کہ الفاظ درست کر لیں یا ہر رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھتے ہیں اسی اسی برس عمر ہو گئی کسی نے فکر نہیں کی کہ سورہ فاتحہ کا ترجمہ کیا ہے؟ نماز میں کیا پڑھتا رہا؟ ایک روٹین ہے باپ دادا سے ملی۔ اس روٹین میں ہم عمل کر رہے ہیں۔ فرصت ملی ادا کر لی نہ ملی نہ سہی۔ نماز ادا کر رہے ہیں خیال کہیں بھٹک رہا ہے دل کہیں اور ہے۔ کبھی اپنے پر جبر کر کے پڑھ لی کبھی نہ ادا کی۔ اس صورت حال سے نکل کر یہ کوشش کرنا کہ شریعت پر خلوص سے عمل کروں' شریعت کو سمجھنے کا احساس پیدا ہو۔ اس کے لئے جو کوشش کی جاتی ہے اسے طریقت کہتے ہیں۔

سوال : آج کل نقلی اعضاء لگائے جاتے ہیں کیا یہ صنعت باری میں مداخلت ہے؟

جواب : اصل بات یہ ہے کہ جہاں تک انسانی صنعت کا تعلق ہے اس کی بنیاد صرف اس بات پر ہے کہ اسے آپ بیالوجی کہیں یا سائنس کا کوئی دوسرا شعبہ کہیں کہ جو چیزیں قدرتی تخلیق پاتی ہیں ان کے عالم اسباب میں تخلیق پانے کے اسباب کیا ہیں؟ اور ان میں کس چیز کی ریشو کتنی ہوتی ہے؟ بندہ تخلیق کچھ نہیں کرتا۔ تخلیق ہر حال میں اللہ ہی کرتا ہے۔ اس کے پیدا کئے ہوئے کچھ عناصر کو ایک خاص ریشو سے اگر جمع کیا جائے تو ایک نئی چیز بن جاتی ہے۔ جیسے آپ مختلف کھانے بناتے ہیں' ایک خاص نسبت کا میٹھا ڈالتے ہیں' گھی ڈالتے ہیں میدہ ڈالتے ہیں' مختلف چیزیں ڈالتے ہیں تو ایک طرح کی مٹھائی بن جاتی ہے۔ اس کی مختلف ریشو کرتے ہیں تو دوسری طرح کی مٹھائی بن جاتی ہے۔ آپ گوشت پکاتے ہیں اس میں ایک ریشو رکھتے ہیں مصالحے کی تو ایک طرح کی ہانڈی بن جاتی ہے' دوسرے ریشو رکھتے ہیں تو اسی گوشت کا دوسری طرح کا پکوان بن جاتا ہے۔ اسی طرح سے عالم تخلیق میں کچھ چیزیں جو وجود پذیر ہوتی ہیں مثلاً" یہ درخت ہے اب آپ درخت تو لگاتے ہیں کٹھی کا' اوپر اس پہ مالٹا پیوند کر دیتے ہیں تو وہ جڑ یا تنا نیچے سے کٹھی کا آ رہا ہوتا ہے اور اوپر وہ مالٹے کے پھل دے رہا ہے۔ اسی طرح مختلف درختوں کو یا دو تین درختوں کو ملا کر ایک نئی قسم کا پھل بن جاتا ہے۔ نیا درخت بن جاتا ہے تو یہ صنعت باری میں مداخلت نہیں ہے بلکہ صنعت باری کے اصولوں کو سمجھ کر اپنی سہولت کے لئے کچھ نئی چیزیں بنانا ہے۔ ان ساری

چیزوں کی بنیاد قرآن حکیم اور ارشادات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود ہے۔ دور حاضرہ کی ایجادات کے شروع کرنے والے مسلمان ہیں اور جب مسلمان ایجادات کر رہے تھے تب کلیسا اور مغرب والے اسے جادو اور اس کے ماننے والوں کو جادوگر کہہ کر ان پر مقدمے چلاتے تھے اور انہیں زندہ جلایا جاتا تھا۔ اور لاکھوں مردوں عورتوں کو زندہ جلا دیا گیا۔ بعض کو گردن تک زمین میں دفن کر کے چھوڑ دیتے تھے وہ تڑپ تڑپ کر مرتے رہتے تھے۔ اسی طرح کی سخت سزائیں دی جاتی تھیں۔ کہ یہ ان کی بات پہ نہ جائیں۔ اس سے مذہب کو خطرہ ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب نبی علیہ والصلوۃ و السلام نے مسلمانوں کو علم کی اہمیت کا احساس دلایا تھا صرف دین کو علم نہیں کہا جاتا۔ علم دین تو خیر اساس ہے لیکن نبی علیہ الصلوۃ والسلام کے ارشاد کے مطابق العلم علمان جسے آپ مکمل علم کہیں گے اس کے دو شعبے ہیں العلم علمان۔ ۱ علم الادیان ۲ علم الابدان علم الادیان دین کا علم، یا نارمیٹو سائنسز کا علم اخلاقیات کا علم، اصولوں کا علم، انسانیت کا علم، انسانی کردار کا علم ہے۔ اور فزیکل سائنس کا علم، علم الابدان ہے۔ نبی علیہ السلام کے حکم کے مطابق یہ دونوں علوم مل کر العلم بنتا ہے۔ جسے ہم مکمل علم کہیں گے۔ مسلمانوں نے دینوی علوم حاصل کئے۔ پہیے سے لے کر بارود تک اور بحری بیڑے سے لے کر حکومتی اصولوں تک یہ سب چیزیں مسلمانوں نے ایجاد کیں۔ بلکہ بہت بعد کے زمانے میں جب خلافت بغداد میں تھی تو خلیفہ بغداد نے کسی یورپی حکمران کو ایک گھڑی بھیجی تھی تو یورپ کے دربار سے وفد آیا تھا کہ اس سے وقت کا پتہ کیسے چلایا جاتا ہے؟ یہ بتانے کے لئے بھی کوئی بندہ بھیجیں۔ اتنا فاصلہ تھا مسلمانوں میں اور یورپ میں۔ مرور زمانہ سے مسلمان جب دین سے دور ہوتے گئے تو وہ کمالات چھنتے گئے اور کافروں نے اس بات پہ تحقیق کی کہ ایک خانہ بدوش قوم صحرا سے اٹھ کر کس طرح دنیا پر چھا گئے؟ اس کا سبب کیا ہے؟ بڑی بڑی قومیں موجود تھیں، بڑی بڑی سلطنتیں موجود تھیں اور عرب کے شمار قطار میں نہیں تھے۔ یہ بڑی عجیب بات ہے کہ یہ جو سکون سے ایک گاؤں میں نہیں رہ سکتے تھے، ایک گھر نہیں بسا سکتے تھے، ہر ایک کا الگ الگ تمبو کندھے پر ہوتا اور لڑائی بھڑائی میں مصروف رہتے تو یہ اتنی کامل اور اتنی جامع قوم کیسے بن گئی کہ انہوں نے پوری دنیا کو فتح کر کے آگے لگا لیا؟ وہ ریزن (وجہ) انہوں نے تلاش کی۔ ایمان اگرچہ نہ لائے لیکن دینوی اعتبار سے وہ اسباب انہوں نے تلاش کئے۔ اس میں علم تھا، ضبط تھا، نظم تھا، دیانت داری تھی، لین دین میں خلوص تھا، تعلیم کو عام کرنے کی بات تھی۔ وہ چیزیں انہوں نے ایڈاپٹ کرنا شروع کر دیں ہم نے چھوڑنا شروع کر دیں۔ ہمیں بنی بنائی ہوئی سلطنتیں ملیں فتح کی ہوئی دنیا ملی تو ہم نے وہ چھوڑنا شروع کر دیں۔ اب یہی عرب تھے جو سارا سارا دن گھوڑے کی پیٹھ پہ اور ساری ساری رات جانماز پر گزار دیتے تھے۔ اب وہ بغیر ائیر کنڈیشن کے مورچے میں نہیں بیٹھتے۔ ہم اب روبہ زوال ہو گئے اور اہل یورپ نے ہماری اچھی چیزیں اختیار کر لیں۔

ایک دن سرگودھا کے سیشن جج میرے ساتھ تھے۔ آج کل شاید وہ چکوال میں ہیں تو وہ مجھے بتانے لگے کہ ہم برطانیہ میں پڑھتے تھے۔ جب ہم وہاں کے کالج سے فارغ ہوئے تو پرنسپل سے ملنے گئے۔ باتوں باتوں میں وہ پرنسپل کہنے لگا کہ یہ جو برطانیہ ہے یہ ویلفیئر سٹیٹ ہے۔ جانتے ہو یہ ویلفیئر سٹیٹ کیسے بنی ہم نے کہا جی آپ جانتے ہیں، ہمیں کیا پتہ۔ اس نے کہا یہ سارا خاکہ کنگ کو میں نے دیا تھا (وہ کنگ ایڈورڈ ہفتم کے زمانے کا بندہ تھا) اور میں نے یہ قرآن سے لیا کہ ریاست کی ذمہ داری کیا ہے؟ اور کس طرح سے اسے اپنے لوگوں کا غریبوں کا بے روزگاروں کا، بیماروں کا خیال رکھنا چاہئے؟ کس طرح کا ٹیکس امراء لے اور کس طرح سے ان کی Look After (دیکھ بھال) کرے۔ تب سے اب تک برطانیہ اس کے مطابق ویلفیئر سٹیٹ ہے۔

یعنی مغرب نے وہ چیزیں ہم سے لیں۔ ہمیں قرآن نے اس وقت بتایا تھا و خلق لکم مافی الارض

جمیعا۔ جو کچھ زمین میں صورت پذیر ہوتا ہے یہ سب کچھ تمہارے لئے ہے۔ و سخر لکم الشمس و القمر۔ تمہارے لئے انرجی (طاقت) اور لائیٹ (روشنی) کو ہم نے تمہارے تابع کر دیا۔ اب یہ سارا کھیل انرجی (طاقت) پاور (قوت) کا اور لائیٹ (روشنی) کا ہے۔ تو یہ اثاثہ ہمارا تھا اب نوبت اس جا پہ آ گئی کہ وہ تخلیق کرتے ہیں اور ہم کلیسا والوں کی طرح فتوے لگاتے ہیں۔ کبھی ہم ایجادات کرتے تھے' اور وہ فتوے لگاتے تھے اب وہ ایجادات کرتے ہیں اور ہم یہاں بیٹھ کر فتوے لگاتے ہیں۔ صنعت باری میں بندہ مداخلت کر سکتا ہی نہیں ممکن ہی نہیں میاں محمد صاحب نے کہا تھا پنجابی میں ۔

کہ جے ہک مچھر دا پر بھجے تے سارای عالم لگے فیر نہیں اوہ ثابت ہوندا جو کہ آ ہا آگے

مچھر کے جسم سے یا مچھر کے انڈے سے جس طرح کا پر بن کے نکلتا ہے دنیا کی کوئی مشین ویسا پر نہیں بنا سکتی۔ گھاس کا ایک تنکا اگانے کے لئے مٹی ہی چاہئے۔ آپ اسے مصنوعی طور پہ مطلوبہ موسم دے سکتے ہیں اس میں مطلوبہ نمی پہنچا سکتے ہیں' وہ اصول آپ جان سکتے ہیں لیکن وہ سب کچھ آپ مٹی کو دیں گے۔ گھاس مٹی ہی سے پیدا ہو گی' مشین گھاس نہیں بنائے گی۔

کئی سال پہلے کی بات ہے برما شاید ہانگ کانگ میں برطانوی گھوڑوں کی ریس (دوڑ) تھی برما ان کے گھوڑے وہاں جا کر ہار گئے تو انہوں نے آ کر وجہ تلاش کی کہ ہمارے گھوڑے کیوں نہیں دوڑ سکے آخر وہ اس بات پہ متفق ہوئے کہ یہاں برطانیہ میں گھوڑوں کو سارا سال سبز چارہ ملتا ہے وہاں جا کر انہیں سبز چارہ مہیا نہیں تھا اور وہ خشک راشن ساتھ لے گئے تھے۔ اس لئے یہ ہار گئے۔ انہوں نے کہا " اگلے سال پھر ریس میں حصہ لیں گے اور انہیں سبز چارہ دیں گے" مگر سبز چارہ کیسے دیں گے؟ اگر یہاں سے باندھ کر لے جاتے ہیں تو گھاس جو برطانیہ میں ہوتی ہے وہاں جانے تک سوکھ گئی۔ جو برطانیہ میں ہوتی ہے وہ برما اور ہانگ کانگ میں ہوتی نہیں۔ یہ گھوڑے جس چارے کے عادی ہیں وہ وہاں نہیں ملتا۔ They Created the machine انہوں نے ایک نئی مشین بنائی۔ جس میں وہ مٹی ڈال کے مٹی میں گھاس کا بیج ڈال دیتے اور وہ اس گھاس کو اتنی نمی اور اتنی گرمائش دیتی کہ چند گھنٹوں میں وہ گھاس مشین سے فٹ فٹ ڈیڑھ ڈیڑھ فٹ لمبا ہو کر نکلتا۔ تو انہوں نے اپنے گھوڑوں کو وہاں سبز چارہ مہیا کیا۔ لیکن گھاس معروف طریقے سے مٹی سے ہی پیدا ہوتی تھی' مشین نہیں بنا سکتی تھی۔ مشین اسے مطلوبہ نمی مطلوبہ ہیٹ (گرمی) مہیا کر سکتی تھی یہ ممکن نہیں تھا کہ آپ کوئی میٹریل کسی مشین میں ڈالیں اور گھاس کی تاریں بن کر نکلنا شروع ہو جائیں اور گھوڑے کھالیں یہ ممکن نہیں۔ صنعت باری میں بندہ مداخلت کر ہی نہیں سکتا۔

اب یہ الگ بات ہے کہ اس کی صنعت کے جو طریقے ہیں انہیں جان کر کچھ چیزوں کو ملاتا ہے تو ایک نئی طرح کی چیز وجود میں آجاتی ہے۔ تو دراصل وہ صانع اللہ ہی ہوتا ہے۔ اسی کے بنائے ہوئے وہ اصول ہیں۔ اور اگر ان اصولوں میں وہ تاثیر نہ پیدا کرنا چاہے تو بھی قادر ہے۔ کتنے تجربے ان کے فیل ہو جاتے ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ ہمیں بھی دنیوی علوم کے اس درجے تک پہنچنا چاہئے کہ ہم ان سے ایجادات میں پھر سبقت لے جائیں۔ اب کوئی بھی ایجاد آتی ہے تو فتویٰ لگانے سے رک تو نہیں جائے گی۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ فتویٰ غیر مسلم پہ تو موثر ہی نہیں ہے۔ اسے کیا فکر ہے کہ مولانا نے فتویٰ دیا ہے۔ وہ ایجاد تو اپنا کام کر رہی ہے مثلاً" ٹی وی پہ فتویٰ لگا ہوا ہے تو اس سے ٹی وی ٹوٹ جائے گا کیا؟ یا سٹیلائیٹ گر جائے گا؟ کچھ نہیں ہو گا۔ کافر اس سے جو فحاشی' جو بے حیائی یا جو برائی پھیلانا چاہتا ہے وہ اپنا کام کر رہا ہے۔ ہم اگر فتویٰ لگانے کی بجائے اسے ایڈایٹ (اختیار) کرتے اور اس کے مقابلے میں اتنی نیکی پھیلانے کے لئے اسے استعمال کرتے تو یہ بہتر طریقہ تھا۔ کیونکہ فتوے سے وہ رکا تو نہیں وہ تو اپنا کام کر رہا ہے۔

اگلے دن میں امریکہ سے آیا ہوا ایک اخبار پڑھ رہا تھا۔ اس میں جو امریکن قادیانی ہیں ان کے بارے میں لکھا تھا کہ پاکستان میں ان کے ساتھ بڑی زیادتی ہو رہی ہے۔ یہاں (امریکہ میں) یہ سیٹل ہو گئے امریکہ انہیں کافی سپورٹ (Support) کر رہا ہے۔ کچھ تصویریں ان کی دکھائیں جس میں وہ نماز پڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے بڑی مسجد بنائی ہے وغیرہ وغیرہ۔ آخر میں ان کا انٹرویو تھا انہوں نے اپنا ایک ٹی وی چینل خریدا ہے تو اس انٹرویو کے ایک جملے نے مجھے بڑا سٹرائیک کیا۔ اس نے کہا۔

Now we are in every Bed room of Everyhouse.

"کسی کو بات پسند آئے یا نہ آئے لیکن اس کے انتہائی خلوت کدے میں ہم موجود ہیں۔" چونکہ وہاں ٹی وی تو پڑا ہے۔ ہماری بات تو وہاں پہنچے گی۔ تو اگر اس انداز سے اس ایجاد کو ہم بھی لیتے۔ بجائے فحاشی کے' اس پر فحاشی کے خلاف بات کرتے۔ انسانی اقدار کی بات کرتے' اسلامی نظریات کی بات کرتے' اسلامی عقائد کی بات کرتے تو اس کا رد ہوتا۔ اس کا جواب ہوتا یا اپنا قومی ٹیلی ویژن نیٹ ورک جو ہے یہ میرے خیال میں اٹھارہ گھنٹے کام کرتا ہے کہ اس پہ اٹھارہ میں سے آٹھ گھنٹے یا چار گھنٹے تو دین کو دے دو۔ اس میں تو کچھ منٹ ہوتے ہیں۔ روزانہ بسم اللہ کر کے شروع کرتے ہیں اور جو دنیا کی فواحشات ہیں' بکتے ہیں اور ختم کرتے ہیں درس قرآن پر پانچ منٹ کا وہ قرآنی تعلیمات کا پروگرام ہوتا ہے۔ آخر میں رات کو ایک بجے' دو بجے' بارہ بجے بسم اللہ سے شروع کر کے وہ جب بند کرنا چاہیں تو اس پہ کوئی پانچ منٹ یا چار منٹ کا قرآنی تعلیمات کا پروگرام ہوتا ہے درمیان میں سارا بکواس یا ہفتے میں ایک آدھ بیس پچیس منٹ کا پروگرام ہو جاتا ہے۔ تو فتویٰ لگانے کی بجائے اگر یہ قوم با شعور ہوتی اور یہ مطالبہ کرتی کہ اس پہ دین کی بات کی جائے' بچوں کی تعلیم کی بات کی جائے' اسلامی اخلاق کی بات کی جائے یا آپ کو ڈرامے ہی دکھانے ہیں تو مسلمانوں کی تاریخ بھری پڑی ہے' اسلام کی ہسٹری (تاریخ) دکھاؤ' ہمیں مسلمانوں کے کارنامے دکھاؤ' آخر انسان تھے وہ بھی کس طرح روئے زمین پر پھیلے کس طرح سے انہوں نے مقابلے کئے؟ اتنی بڑی بڑی سلطنتوں کے تختے کس طرح سے الٹ دئے؟ کیسے ممکن تھا؟ تو وہ بہتر ہوتا میں تو اس حق میں نہیں ہوں کہ فتوے لگائے جائیں میں تو اس حق میں ہوں کہ ہمیں بھی وہ علوم حاصل کرنے چاہیں اور ان سے زیادہ بہتر طریقے سے کرنے چاہیں۔

ایک بات میں آپ کو اور بتا دوں جتنی ایجادات مغرب میں ہو رہی ہیں آج بھی ان میں بیسک (بنیادی) کام کرنے والے مسلمان ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ نام مغرب کا ہی ہوتا ہے کیونکہ یہ وہاں جا کر کرتے ہیں لیکن کسی بھی اعلیٰ اسپیچ چیوشن (ادارے) میں جا کر دیکھ لو۔ وہاں بنیادی طور پر جو ریسرچ سکالر ہوں گے یا کام کرنے والے جو ہوں گے وہ مسلمان ہوں گے۔ ٹیلنٹ ہمارا ہے نام مغرب کا ہو رہا ہے۔ کوئی چوٹی کا ڈاکٹر ہو گا کوئی پائے کا سائنٹسٹ ہو گا۔ میں نے ہر جگہ پھر کے دیکھا ہے جہاں جاؤ مسلمان ہیں۔ یہ آپ کی جو فیکس مشین ہے یہ ایک پاکستانی نے ایجاد کی تھی۔ پھیلائی امریکن نے کتنی عجیب مشین ہے۔ اس کا موجد ایک پاکستانی ہے۔ آرمی کا ریٹائرڈ میجر تھا۔ اس نے پہلے پاکستان گورنمنٹ کو بنا کر دی۔ یہاں اسے کسی نے گھاس نہیں ڈالی۔ وہ وہاں چلا گیا انہوں نے ایڈاپٹ کر لی۔ پھر اسے ماڈی فائی کرتے کرتے اب کہاں چلی گئی؟ اس طرح کی بے شمار ایجادات آج بھی ایسی ہیں جو بنیادی طور پر مسلمانوں نے کی ہیں لیکن نام مغرب کا ہو گیا' چونکہ وہاں جا کر کی ہیں یہاں انہیں کسی نے گھاس نہیں ڈالی۔ تو یہ بات فتوؤں سے نہیں ہو گی یہ بات تو مقابلہ کرنے کی ہے۔ صنعت باری میں کوئی مداخلت کرنا انسان کے بس کی بات ہی نہیں' کر ہی نہیں سکتا کسی بھی پہلو سے نہیں کر سکتا۔

سوال : تبلیغی جماعت کے ساتھ وقت کیسا ہے؟

جواب : تبلیغی جماعت کی بنیاد رکھی تھی مولانا محمد الیاس رحمتہ

اللہ تعالے علیہ نے اسکی ایک خاص وجہ تھی۔ دہلی کے نواح میں کچھ علاقے ایسے تھے (آپ نے دیکھا ہو گا لوگ وہاں سے ہجرت کر کے آئے' یہاں بھی آئے) وہ ڈاٹھا سکھوں کی طرح باندھتے تھے اور ختنے تک نہیں کئے ہوئے تھے۔ نماز کسی کو نہیں آتی تھی' کلمہ تک نہیں جانتے تھے۔ وہ بیچارے نام کے مسلمان تھے اکثریت وہاں سکھوں کی یا ہندوؤں کی تھی اور وہ لینڈ لارڈ بڑے زمیندار تھے۔ یہ مزارع تھے' کمزور لوگ تھے' دب گئے۔ تو مولانا مرحوم نے یہ جماعت شروع کی کہ اس علاقے میں لوگوں کو باری باری بھیجتے تھے کہ کچھ بنیادی عقائد' بنیادی کلمہ' نماز یا کچھ ارکان دین' اسلام کی بنیادی باتیں انہیں سکھا دی جائیں۔ اور یہ بہت بڑی عمدہ کوشش تھی۔ پھر حالات بدلتے گئے۔ پھر دنیا بدل گئی' زمانہ بدلا' ملک بدل گئے۔ کام اچھا تھا' پھیلتا رہا کرنے والوں یا بنیاد رکھنے والوں کا خلوص تھا تو اللہ نے قبول فرمایا اور وہ دنیا میں عالمی سٹیج پہ چلا گیا۔ لیکن ضرورت اس بات کی تھی کہ جب اس صورت حال سے نکل کر باہر پھیلا تو اس کا دائرہ کار بھی بڑھایا جاتا۔ یعنی جہاں بیسکس (بنیادی) ضرورتیں تھیں وہاں تو وہ کام کر رہا تھا وہ تو ٹھیک تھا جب وہاں سے بڑھا اور ان لوگوں میں پہنچا جن میں عالم بھی تھے' پڑھے لکھے لوگ بھی تھے تو اس کے دائرہ کار کو آگے بڑھا دیا جاتا تو زیادہ مفید ہوتا' زیادہ نفع بخش ہوتا۔ لیکن ہماری بد قسمتی کہ اسے انہی بنیادی پانچ چھ باتوں پہ روک دیا گیا۔ اب اس کا ایک فائدہ ضرور ہے کہ دیہات میں یا دور دراز علاقوں میں جہاں لوگ کلمہ بھی نہیں جانتے وہاں کم از کم کچھ کام بیسکس کا تو ہو رہا ہے لیکن اگر اس کا دائرہ کار بڑھا دیا جاتا اور اس میں وسعت آجاتی تو بہت زیادہ کام ہوتا۔ اب چونکہ وہ بیسکس سے آگے نہیں بڑھتے اس لئے ان سوالوں کا جواب یا ان باتوں کا کوئی رد ان کے پاس ہے نہیں۔ وہ تو وہی پہلی چار پانچ باتیں کرتے ہیں۔ ایک لحاظ سے بہتر ہے کہ جہاں کوئی بھی بتانے والا نہیں وہاں جا کر کچھ تو سکھا آتے ہیں۔ اس میں کمزوری صرف ایک آگئی ہے کہ یہ جو احساس پیدا ہو گیا ہے کہ صرف یہی کافی ہے' یہ صحیح نہیں ہے۔ یعنی یہ کہنا کہ یہ بھی ضروری ہے یہ تو ٹھیک ہے لیکن اسے کہے دنیا صرف یہی ضروری ہے اس سے آگے کچھ نہیں تو یہ درست نہیں اس میں خامی آگئی۔ یہ نہیں ہونا چاہئے۔ ابھی میں عرض کر رہا تھا کہ لوگوں کی عمریں گزر گئیں' بیچاروں کو سورۃ فاتحہ کا ترجمہ نہیں آتا' کوئی انہیں کلمے کی اصلاح کر دے یا بنیادی نظریات بتا دے تو بہت اچھی بات ہے مگر اس پہ رک جانا یا صرف یہ کہہ دینا کہ اب یہی کافی ہے' یہ درست نہیں ہے۔ یہ تو بیسکس صرف بنیاد ہے نا آگے بھی تو پوری زندگی یا پورا فیلڈ پڑا ہے۔ وہ بھی زیر بحث لانا چاہئے۔ اللہ کرے کبھی ایسی مثبت تبدیلی بھی آجائے گی۔ بہت بڑا کام ہو رہا ہے اس میں اور زیادہ ترقی پا جائے۔

سوال : مختلف دینی جماعتوں کا اصرار ہے کہ صرف وہ ٹھیک کام کر رہے ہیں؟

جواب : ہمارے یہاں ایک نقص ہے کے مثلاً" آرمی میں سارے لوگ ایک کام تو نہیں کرتے' ہر شعبے کا ایک الگ محکمہ ہے ٹرانسپورٹ کا الگ ہے' فائٹنگ فورس الگ ہے' ہسپتال کا الگ ہے' کمیونی کیشن سسٹم الگ ہے۔ پورے پورے محکمے الگ ہیں ۔ یہ سگنل ہے' یہ گنرز ہیں' یہ سولجرز ہیں' یہ پیدل فوج ہے' یہ آرمڈ ڈویژن ہے۔ اب وہ سارے آپس میں نہیں لڑتے۔ سارے مل کے لڑتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ ہم سب فوج ہیں۔ ہمارے ہاں جو دینی کام ہو رہا ہے اس میں یہ کمزوری آگئی ہے کہ جو بندہ ایک کام کر رہا ہے وہ کہتا ہے یہی صحیح ہے دوسرا جو ہے یہ چور ہے' اسے نہیں ہونا چاہئے۔ وہ جو کوارڈی نیشن (یا رابطہ آپ جیسے کہیں) دینی شعبوں میں وہ نہیں رہا۔ اب میرے ساتھ بات ہو گی تو میں تبلیغی جماعت پہ تنقید ہی کروں گا۔ یہ نہیں کروں گا کہ جو انہوں نے کیا ہے اس سے اگلا میں کر لوں۔ ان کے ساتھ بات ہو گی تو وہ ہم پہ تنقید ہی کریں گے یہ نہیں سوچیں گے کہ جو یہ کر رہے ہیں ہم وہ کر لیں۔ یعنی دینی جماعتوں میں ایک رابطہ ہو تو پھر تو یہ بہت بڑی طاقت ہے۔

چونکہ یہ سارے، کام تو دین ہی کا کر رہے ہیں۔ جماعت اسلامی ایک سیاسی پہلو پہ کام کر رہی ہے، دینی مدارس جو ہیں وہ پڑھانے کا کام کر رہے ہیں۔ اور تبلیغی جماعت والے تبلیغ کا کر رہے ہیں۔ اب اس میں ایک رابطہ بن جائے، کوئی ایسا سبب ہو تو پھر تو ایک منظم طاقت بن جائے۔ مصیبت یہ ہے نا کہ رابطہ ہے نہیں۔ اب آپ کی فوج میں جو ہسپتال والے ہیں وہ جان بچانے والے لوگ ہیں لیکن اگر آپ کہیں جی ہسپتال والوں نے فلاں مورچہ کیوں نہیں فتح کیا؟ تو ان کا شعبہ نہیں ہے۔ وہ زخمیوں کی دیکھ بھال تو کریں گے، مورچے پہ لڑنا تو کسی اور کا کام ہے۔ تو یہ شعبہ جو ہے تبلیغ والوں کا یہ تقریباً" ہسپتال کا شعبہ ہے کہ جو مریض آئے اسے کچھ تو مرہم پٹی وہ کر دیں۔ یعنی اسے کلمہ بتا دیا بنیادی باتیں بتا دیں۔ ان سے مورچہ تو نہیں فتح ہوتا۔ جو مورچہ فتح کرنے والے ہیں نا ان کو چاہئے نا کہ وہ ان کی سپورٹ (مدد) لیں۔ وہ لیتے نہیں وہ ان سے الگ ہیں اور وہ ان سے الگ یہ مشکل ہے۔

سوال : کیا مذہبی جماعتوں میں اتحاد ہو سکتا ہے؟

جواب : کوششیں کرنے والے لوگ بنیادی طور پر کم ہیں اور ان میں خلا پیدا کرنے والے لوگ زیادہ ہیں۔ ہر جماعت میں مخلص بھی ہیں لیکن جماعتوں کی مصیبت یہ ہوتی ہے کہ جب کوئی بھی جماعت، ایک طاقت بنتی ہے تو اس میں ایسے لوگ بھی آ جاتے ہیں جو اس سے اپنے دنیوی مفادات حاصل کرتے ہیں۔ اب دیکھیں مکہ مکرمہ میں کوئی منافق نہیں تھا۔ مشکل تھا نا مسلمان ہونا۔ مدینہ منورہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلوہ افروز ہوئے تو ایک اسلامی ریاست بن گئی تو دنیا کا مفاد حاصل کرنے کے لئے منافق بھی ساتھ آ گئے۔ جب بھی کہیں کوئی ایک طاقت بنتی ہے تو اصول ہے کہ کچھ لوگ خلوص سے نہیں آتے۔ محض اپنا مفاد حاصل کرنے کے لئے آتے ہیں۔ تو اگر یہ رابطہ یا کوآرڈی نیشن ہو جائے تو جو اس طرح کے طالع آزما ہیں ان کا نقصان ہوتا ہے۔ یہ تو خالص دینی کام ہے نا۔ دنیاوی مفادات تو جاتے ہیں تو اس طرح سے وہ جو طالع آزما طاقتیں ہیں وہ زیادہ ہیں اور یہ سوچنے والے لوگ ہر طرف کم ہیں کہ یہ رابطہ کیا جائے۔ یہ مصیبت ہے۔ ہماری۔ دینی علوم پہلے کم ہیں اور ہمارا تو حال یہ ہے کہ اکثر آپ یہ دیکھیں گے (دیو بندی، بریلوی یا شیعہ، سنی تک آپ چلے جائیں) بیشتر لوگ ایسے ہیں جنہیں بنیادی عقائد نہیں آتے نہ شیعہ کو شیعیت کے بنیادی عقائد آتے ہیں نہ سنی کو سنی کے وہ محض اس پارٹی میں ہے۔ وہ ڈٹا ہوا ہے۔ اسے اس سے غرض نہیں ہے کہ آخرت میں کیا ہو گا؟ کیا یہ حق ہے یا باطل؟ اسے غرض نہیں ہے۔ آپ دیو بندی اور بریلوی کو بٹھا کر پوچھیں تو سوائے پڑھے لکھے لوگوں کے عام آدمی کے پلے کچھ نہیں ہے کہ دیو بندی کیا ہیں؟ بریلوی کیا ہیں؟ لیکن وہ دیو بندی ہے، وہ بریلوی ہے صرف وہ ایک پارٹی میں آ گئے، اپنی پارٹی نبھائے جا رہے ہیں۔ ہم میں اکثریت کے پاس دینی علم بھی کم ہے اور دنیوی اعتبار سے بھی ہم بہت پیچھے ہیں۔ دنیوی علم بھی نہیں ہے۔ اگر دنیوی علم ہو تو پھر بھی آدمی میں کچھ وہ کامن سنس (Common Sense) (اتنا شعور) تو آ ہی جاتا ہے، وہ بھی نہیں ہے۔ تو یہ بدنصیبی ہے بس۔

سوال : حیلے بہانے سے ویزا لے کر حج پر جانا درست ہے یا نہیں؟

جواب : آپ میرے خیال میں حج کو عبادت سمجھ رہے ہیں۔ تو لوگ عبادت پہ نہیں، یہ لوگ تو پکنک پہ جاتے ہیں۔ حج کو اس ایمان یا اس نظریئے کے ساتھ کہ یہ ایک اسلامی فریضہ ہے جانے والے تو بہت کم لوگ ہیں۔ اکثریت تو پہلے لوگوں کی ہے۔ آپ یورپ جائیں گے تو اس میں وہ فائدے نہیں ہیں۔ اس میں دو فائدے ہیں ایک تو اس کے ساتھ نیکی کی شہرت ہو جائے گی، حاجی صاحب کہلائیں گے اور دوسرا یورپ وغیرہ کی نسبت یہاں ساری چیزیں سستی ہیں۔ یہ میں نے دیکھا ہے کہ ایک چیز امریکہ میں دس ڈالر کی ملتی ہے، وہ چیز برطانیہ میں دس پونڈ کی ملتی ہے، وہی چیز جدے میں دس ریال کی ملتی ہے۔ یہ عجیب بات ہے یعنی مارکیٹ والوں نے

جو چیز جتنے پونڈ کی ہے اتنے ڈالر کی ہے اور اتنے ہی ریال کی رکھ چھوڑی ہے۔

(جوتا ہے یا کپڑا ہے) اب ڈالر تیس روپے کا ہے' پونڈ پچاس روپے کا ہے۔ برطانیہ میں آ کے خریدا تو اس نے پونڈ کاٹا اور جدے میں آ کر پوچھا تو اتنے ریالوں کا تھا۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ مڈل ایسٹ کی جو مارکیٹ ہے یہ اوپن مارکیٹ ہے۔ ٹیکسز بہت کم ہیں۔ پھر انٹرنیشنل ریٹنز جو اس ایک فگرز' اس ایک اکائی پہ ہوتے ہیں تو اس اعتبار سے سستی بھی ہے۔ یہاں سے چیزیں بھی خرید لاتے ہیں اور وہ پیسہ بھی رشوت ہی کا ہوتا ہے کہ حلال کا پیسہ اتنا کہاں ہے کہ وہاں سے آدمی جہاز بھر کے لے آئے تو خریداری بھی ہو گئی آؤٹنگ بھی ہو گئی' ساتھ نیکی کا لیبل بھی لگ گیا۔ تو وہ جو رکن ہے اسلام کا یا جسے فرض سمجھا جاتا ہے وہ ادا نہیں ہوتا۔

بیت اللہ شریف کی تاریخ میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بچپن میں بیت اللہ کو شہید کر کے اہل مکہ نے دوبارہ تعمیر کیا (عمارت ابراہیمی مستطیل تھی مربع نہیں تھی اور یہ جو حطیم ہے یہ عمارت کا حصہ ہے۔ اس لئے اس کے باہر سے طواف کیا جاتا ہے بلکہ طواف میں حطیم کی دیوار پہ ہاتھ رکھا جائے تو طواف صحیح نہیں رہتا کیونکہ وہ ہاتھ کعبے کے اندر چلا جاتا ہے اور طواف گردا گرد کرنا چاہئے۔ عموماً" لوگ پاس سے گزرتے ہوئے اوپر ہاتھ رکھ دیتے ہیں وہ نہیں رکھنا چاہئے کیونکہ وہ ہاتھ بیت اللہ کے اندر چلا جاتاہے۔ دیوار جو ہے وہ حد ہے وہ بیت اللہ کی) جب شہید کی ہوئی عمارت بہت مخدوش ہو گئی اور خصوصاً" چھت جو تھا وہ ختم ہو گیا تو قریش نے اس کی تعمیر کے لئے چندہ جمع کیا۔ روسا قریش نے اعلان کیا (ابھی اسلام کا ظہور نہیں ہوا تھا اور نبی علیہ الصلوۃ والسلام کا بچپن تھا) انہوں نے کہا "بھئی دیکھو! یہ اللہ کا گھر ہے اور ہم جیسے بھی ہیں کم از کم اللہ کے ساتھ ہمیں کھرا رہنا چاہئے اور جو بندہ بھی چندہ دے وہ' وہ رقم دے جس پر اسے کوئی شبہ نہ ہو۔ جوئے کا نہ ہو' شراب کی کمائی نہ ہو' چوری کا نہ ہو' ڈاکے کا نہ ہو' برائی کا حاصل نہ ہو وہ پیسہ دیں جس پر آپ کو شبہ نہ ہو کھرا اور حلال کا ہو۔" یہ مشرکین نے اعلان کیا تھا۔ تو جو چندہ جمع ہوا وہ اتنا کم تھا کہ اس سے بیت اللہ کی عمارت نہیں بن سکتی تھی۔ تب انہوں نے سوچ کر یہ فیصلہ کیا کہ کچھ حصہ عمارت کا چھوڑ دیا جائے اور دیوار بنا کر اس کی نشان دہی کر دی جائے اور جتنے پیسے ہیں اتنی عمارت بنا دی جائے۔ تب یہ عمارت چوکور بنائی گئی اور ساتھ وہ حصہ چھوڑ دیا گیا۔ یعنی وہ جیسے بھی تھے اس معاملے میں وہ کھرے نکلے کہ اللہ کی راہ میں یا بیت اللہ پہ جو پیسہ لگتا ہے اس میں شبہ نہیں ہونا چاہئے۔ اب جو بندہ رشوت' چوری یا چھینا جھپٹی کے پیسے لے کر حج پر جا رہا ہو اس کا مطلب ہے کہ وہ اللہ کو اتنا بھی نہیں مانتا جتنا وہ مکہ کے مشرک مانتے تھے تو آپ حج پہ جانے والے کے بارے میں سمجھتے ہیں کہ وہ دین کا رکن ادا کرنے جا رہا ہے۔ حالانکہ لوگ پکنک پہ جا رہے ہوتے ہیں۔

سوال : شیخ سے اخذ فیض کا بہتر طریقہ کیا ہے کیا یہ شیخ ایک توجہ میں سب مقامات کرا سکتا ہے؟

جواب : ہم نے تو بحمد اللہ ایسے ہوتے دیکھا ہے۔ اس مین دو چیزوں پہ انحصار ہوتا ہے۔ ایک تو ہوتی ہے وہ ہستی جو فیض دے رہی ہے۔ جیسے نبی علیہ الصلوۃ والسلام کی ذات والا صفات بے مثل و بے مثال تھی' منبع نور تھی۔ دوسرا ہوتا ہے کہ طالب میں فطری استعداد اور اس کا اپنا خلوص۔ یہ دو باتیں طالب میں ہونی چاہئیں۔ بعض لوگوں میں خلوص بہت ہوتا ہے لیکن بنانے والے نے استعداد کی ایک حد رکھی ہوتی ہے۔ جیسے آئی سائٹ (بینائی) ہے اس کا کمال ایک حد ہے۔ جیسے آدمی یوں تو صحت مند ہے لیکن اس کی آئی (بینائی) سائٹ کی ایک حد ہے۔ یہ کوئی بیماری نہیں۔ تخلیق طور پر اس کی ایک لمٹ (حد) ہے۔۔ ایک آدمی تین میل تک دیکھ سکتا ہے' دوسرا ڈیڑھ میل تک دیکھتا ہے۔ اسی طرح ہر چیز کو حاصل کرنے کے لئے ایک فطری استعداد ہوتی ہے اور

اب اس استعداد کو بروئے کار لانے کے لئے اس کا اپنا خلوص چاہئے تو یہ دو باتیں طالب میں اگر ہوں اور دینے والے میں، فیض بانٹنے والے میں بھی دینے کی اتنی استعداد ہو تو یہ ہو جاتا ہے۔ میں حضرت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے ساتھ تین سال تک لطائف کرتا رہا۔ مراقبہ احدیت تین سال بعد نصیب ہوا اور میرے لطائف کرنے کا طریقہ یہ ہوتا تھا کہ عموماً" رات کو ایک بجے اٹھتا تھا اور سردیوں کی راتوں میں ایک بجے اٹھ کر چھ بجے تک لطائف کرتا تھا (چھ بجے میں فجر پڑھتا تھا) نوافل پڑھنے کے بعد چار چار گھنٹے مسلسل لطائف کرتا تھا۔ دن کو، پھر رات کو۔ شام کو کر کے سونا۔ ہمارے ساتھ ایک ساتھی آئے اور وہ حضرت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس چھ دن ٹھہرے۔ ساتویں دن جب وہ وہاں سے رخصت ہوئے تو وہ فنا بقا، فنا فی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سالک المجذوبی تک منازل مکمل کر چکے تھے۔ اسی طرح حضرت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے ساتھ ڈھلیاں ٹھہرے ہوئے تھے۔ ایک صاحب زادہ صاحب آ گئے میرے خیال میں تین ذکر میں انہوں نے شمولیت کی۔ مراقبات ثلاثہ انہیں ہو گئے، مشاہدات بھی ہو گئے ہم بیٹھے منہ دیکھا کرتے تھے۔ وہ اپنے مشاہدات سناتے تھے ہم نے تو یہ ہوتے دیکھا ہے اب یہ الگ بات ہے کہ ہمیں خود یہ کتنا کرنا پڑا۔

کچھ عجیب بات ہوتی ہے من جانب اللہ۔ پتہ نہیں قدرت کو کیا منظور ہوتا ہے؟ اور اس پہ وہ کیا نتائج مرتب کرنا چاہتا ہے؟ بالاخر وہ سارے لوگ بہت پیچھے رہ گئے۔ یعنی انجام کار میں وہ لوگ ہماری گرد کو بھی نہ پا سکے۔ شروع میں یہ ہوا کہ ہم تین سال تک ساری ساری رات، سارا سارا دن لطائف کرتے رہے وہ آگے چلے گئے۔ ایسے بھی میں نے دیکھا ہے کہ ایک بزرگ تھے۔ بابا جی بابا دوست محمد نام تھا ان کا۔ اور بے چارے بالکل سادے، ان پڑھ تھے۔ بوڑھے آدمی تھے۔ ہمارے ساتھ لطائف میں شریک ہوئے ہم لطائف بھی کرتے تھے کہ وہ فنا بقا تک چلے گئے پھر میں نے حضرت سے درخواست کی کہ حضرت بابا فارغ ہے اسے آپ ہمارے ساتھ بھیج دیں ہمیں ذکر کرایا کرے تو انہوں نے فرمایا کہ جو ذکر کراتا ہے وہ تو شیخ کا قائم مقام ہوتا ہے تمہارا یہ ہم سبق ہے، تمہاری اس کے ساتھ بے تکلفی ہے، مذاق کرنے کی عادت ہے تمہاری، تم اس سے مذاق کرو گے، تمہارا نقصان ہو گا۔ میں نے کہا نہیں حضرت مذاق کرتے تھے جب ہم سبق تھا۔ جب ہمیں یہ سکھائے گا تو پھر تو ہمارا استاد ہو گا، ہم ادب کریں گے پھر وہ میرے ساتھ رہے وہ لطائف کرایا کرتے تھے۔ اس طرح تو چلتا رہتا ہے۔ اب یہ مالک ہی جانیں۔ ویسے ہوتا ہے ہم نے ہوتے دیکھا ہے۔ شاید آئندہ ہو نہ ہو لیکن ہم نے ہوتا دیکھا ہے۔

سوال : ذکر میں کیا خیال کرنا چاہئے؟

جواب : ذکر جب ہوتا ہے تو وہ خود ہی خیال کروا لیتا ہے۔ بس ہو جائے سہی۔ جب تک توجہ اپنے بس میں رہے تب تک یہ پتہ چلتا ہے کہ ابھی ذکر خام ہے۔ جب ذکر میں پختگی آتی ہے تو پھر توجہ اپنے بس سے نکل جاتی ہے پھر اس طرف چلی جاتی ہے۔

سوال : بعد از وصال اہل اللہ قبور سے تصرف کر سکتے ہیں؟

جواب : اس میں بنیادی بات یہ ہے کہ تصرف سے مراد کیا ہے؟ تصرف سے مراد ہے فیضان پہنچانا۔ جہاں تک ہے فیض پہنچانے کی بات اس میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ اس لئے کہ نبی علیہ الصلوۃ والسلام قبر اطہر میں تشریف فرما ہیں اور نبوت انہی کی جاری و ساری ہے۔ کائنات میں سارا فیض انہی کا ہے۔ اگر فیض سے مراد برکات ہیں، دین ہے، نیکی ہے تو پھر رابطہ شرط ہے جیسے کلمہ پڑھنے والا، خواہ کوئی کافر بھی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہتا ہے تو رابطہ اس کا ہو گیا۔ نبی علیہ الصلوۃ والسلام کی برکات اسے پہنچیں گی۔ وہ مسلمان ہو گیا، مومن ہو گیا، ایمان نصیب ہو گیا۔ تو اہل اللہ بھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نعلین مبارک کی خاک ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے فیض کو آگے پہنچانے والے ہیں اس میں تو کوئی شبہ نہیں اگر فیض سے مراد دنیاوی امور لئے جائیں تو میں اس کا قائل نہیں ہوں۔ ہم نے تو اہل اللہ کو

دیکھا ہے وہ زندگی میں دنیا کے کاموں کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ مر کر کیا کریں گے بھائی؟ انہیں کیا فکر پڑی ہے کہ برزخ میں سے کسی کے لئے دنیا کی فکر کرتے پھریں؟ ہاں دین کی بات کریں چونکہ ان کے نزدیک تو اہمیت ہی دین کو ہوتی ہے۔ جہاں تک دینی برکات ہیں ان میں شبے کی گنجائش ہی نہیں ہے۔ آپ دیکھ لیں نبی علیہ الصلوۃ والسلام قبر اطہر میں تشریف فرما ہیں اور کائنات کو برکات پھیل رہی ہیں۔ کہاں سے آ رہا ہے؟ دین کس کی برکت نبوت ہے؟ ہے ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ اس میں تو کوئی شبے کی بات نہیں اور دنیاوی امور میں اہل اللہ کو گھسیٹنا یہ ان کے ساتھ زیادتی ہے۔ وہ جب دنیا میں مقیم تھے تو یہاں کی سردی، گرمی نقصان برداشت کرتے رہے، تکلیفیں برداشت کرتے رہے اور دنیوی امور میں مداخلت انہوں نے پسند نہیں کی۔ خود نقصان اٹھاتے رہے اور اس میں مداخلت پسند نہ کی تو قبر سے اٹھ کر کون آئے گا۔ دنیاوی امور میں مداخلت کرنے؟ ان کی شان بہت بلند ہے۔

سوال: کیا کسی قبر پر جا کر دعا مانگنا چاہئے؟

جواب: اگر دعا مانگنے والے کو یہ قوت حاصل ہو کہ وہ برزخ میں پہنچ کر بات کر سکتا ہو۔ کوئی وہاں تک جا تو سکتا ہو نا! تو جسے یہ قوت ہوتی ہے اسے بات کرنے کا سلیقہ بھی آ جاتا ہے جسے اللہ یہ توفیق دیتا ہے اسے بات کرنے کا سلیقہ بھی آ جاتا ہے اور جسے نہیں دیتا تو جب اللہ موجود ہے مانگنے کے لئے تو کیوں دھکے کھاتا ہے؟ بے شک اہل اللہ مستجاب الدعوات ہوتے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے لیکن اللہ کو یہ بڑا پسند ہے کہ اس کا بندہ اس سے مانگے یہ بات اللہ کو سب سے زیادہ محبوب ہے یہاں کسی سے کہہ دیا جائے کہ "بھئی میں بھی دعا کرتا ہوں تم بھی اپنے لئے دعا کرو۔ وہ ناراض ہو جاتا ہے وہ کہتا ہے جی آپ ہمارا کام نہیں کرنا چاہتے۔ فلاں کی طرف چھٹی لکھ دو فلاں افسر کو فون کر دو، فلاں کو کہہ دو ہو جائے گا اللہ پہ کوئی بھروسہ نہیں ہے میری عادت ہے کئی سفارشی آتے ہیں جن کی سفارش میں رکھ لیتا ہوں میں کسی افسر سے نہیں کہتا، میں اللہ ہی سے کہتا ہوں۔ اس کا کام ہو جاتا ہے جس کا کسی افسر سے کہا جائے اس کا نہیں ہوتا۔

ہمارے عہد میں بہت ہی کمزوری آ گئی ہے ایمانوں میں، عقائد میں، نظریات میں اس کا اثر کردار پہ بھی پڑتا ہے۔ لہٰذا اب اتنی جرات نہیں رہی لوگوں میں کہ وہ کسی ان دیکھے خدا پہ اعتبار کریں۔ نظر کے سامنے خواہ پتھر آ جائے اس پہ اعتبار کر لیتے ہیں۔

سوال: ذکر میں نیند آ جاتی ہے اس کا کیا علاج؟

جواب: انسان کمزوریوں کا مجموعہ ہے ایک سے چھوٹے گا دوسری آ جائے گی۔ اس سے چھوٹے گا تیسری آ جائے گی۔۔ ان چیزوں میں سے کوئی بھی دائمی نہیں ہوتی۔ یہ وقتی چیزیں ہوتی ہیں بعض جسمانی عوارضات کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ بعض اوقات یہ ہوتا ہے کہ آدمی ذکر کرنے بیٹھتا ہے تو ذہن کو سکون بھی ملتا ہے اس کی وجہ سے بھی غنودگی آ جاتی ہے کہ ہر طرف کی اس مارا ماری سے تھوڑی دیر اسے آرام و سکون نصیب ہو جاتا ہے ذکر میں کوشش یہ کرنی چاہئے کہ لطائف میں غنودگی نہ آئے مراقبات میں آتی بھی رہے تو خیر ہے مراقبات میں غنودگی آ جائے تو وہ مفید ہوتی ہے لطائف میں آ جائے تو پھر نقصان کرتی ہے کہ وہ لطائف میں تو ایک مجاہدہ ہے غنودگی سے اس میں کمی آ جاتی ہے۔ تو کوشش کرنی چاہئے کہ لطائف میں بندہ تگڑا رہے۔

مکان برائے فروخت

اوسیہ سوسائٹی لاہور میں اکنال پر مشتمل مکمل مکان برائے فروخت ہے۔ صرف سلسلہ عالیہ سے منسلک افراد رجوع فرمادیں

برائے رابطہ: چوہدری محمد برکت۔ سوسائٹی انجینئر

فون نمبر: 5113956

NOTES

